آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL Quetta شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز منگل 14 جولائی 2020ء بمطابق 22 ذیقعد 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 192

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع

فجر صبح	04:15
ظہر	01:00
مغرب	07:27

آن لائن کلاسز کیس ایڈووکیٹ جنرل کی مہلت کی استدعا منظور

یہ ریمارکس گزشتہ روز ڈویژنل بینچ نے بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن اور پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی جانب سے دائر آئینی درخواستوں کی سماعت کے موقع پر دیئے

گزشتہ سماعت کے موقع پر عدالتی احکامات کے باوجود تاحال آن لائن کلاسز سے متعلق کوئی پیشرفت نہیں ہوئی ہے 15 دن گزر جانے کے باوجود اسٹیک ہولڈرز کی میٹنگ نہیں ہوئی

6 ماہ سے یونیورسٹیز بند لیکن اس کے باوجود جامعات کی طرف سے ہاسٹل، امتحانات، لائبریری اور دیگر مدات میں فیسیں وصول کی جارہی ہے، درخواست گزار کے وکیل میر عطا اللہ لانگو ایڈووکیٹ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جناب جسٹس جمال خان مندوخیل اور جسٹس جناب جسٹس نذیر احمد لانگو پر مشتمل ڈویژنل بینچ نے آن لائن کلاسز سے متعلق اسٹیک ہولڈرز کی جانب سے رپورٹ جمع کرانے کی ایڈووکیٹ جنرل کی مہلت کی استدعا منظور کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ ارباب طاہر کاسی ایڈووکیٹ ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ، سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن، جامعات کے وائس چانسلرز اور ایچ ای سی کے صوبائی نمائندے میٹنگ کرکے آن لائن کلاسز سے متعلق مسئلے کا حل نکالیں اور اجلاس کے منٹس اگلی سماعت پر عدالت میں پیش کریں۔ یہ ریمارکس

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وزیراعظم عمران خان سے ثانیہ نشتر ملاقات کررہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس

کوئٹہ کی ترقی کے ماسٹر پلان کا جائزہ، بعض اہم فیصلوں کی منظوری

شہری ترقی کے ذمہ دار اداروں کے حدود و اختیارات کا از سر نو تعین کرتے ہوئے ایڈہاک ازم کا خاتمہ کیا جائے، متعلقہ ادارے اور انتظامیہ غیر قانونی تعمیرات کو روکنے کے لئے پرانے قوانین میں بہتری اور ترامیم کے لئے قانون سازی کریں

منعقد ہونے والے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں کوئٹہ کی ترقی کے ماسٹر پلان اور صوبے کے 30 دیگر ٹاؤنز کی ماسٹر پلاننگ سے متعلق امور کا جائزہ لیتے ہوئے بعض اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی

کوئٹہ بیچلر کے تحت تعمیر ہونے والی نئی سڑکوں جن میں سریاب، قمبرانی، نواں کلی، سبزل، ریڈیو پاکستان، نواں کلی بائی پاس، ہنہ، جوائنٹ روڈ، پرنس روڈ اور پٹیل روڈ شامل ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان

کوئٹہ (ش ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت منعقد ہونے والے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں کوئٹہ کی ترقی کے ماسٹر پلان اور صوبے کے 30 دیگر ٹاؤنز کی ماسٹر پلاننگ سے متعلق امور کا جائزہ لیتے ہوئے بعض اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی، سیکریٹری محکمہ شہری منصوبہ بندی و ترقی کی جانب سے اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ کوئٹہ ماسٹر پلان کی تیاری کے لئے کنسلٹنٹ کی خدمات کے حصول کے لئے جاری ٹینڈرنگ پراسس اس ماہ کی 30 تاریخ تک مکمل کرلیا جائے گا۔ چیف سیکریٹری بلوچستان فضیل اصغر، سیکریٹری محکمہ شہری منصوبہ بندی و ترقی خلیق نذر کیانی، سیکریٹری بلدیات صالح ناصر، سیکریٹری اطلاعات شاہ عرفان غرشین، ڈائریکٹر جنرل کیڈا اے صلاح الدین نورزئی اور ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن طارق سینگل

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید احمد اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بلوچستان میں کورونا کے کیسز رپورٹ متاثرین کی تعداد 11192 ہوگئی

گزشتہ تین ماہ میں ایک دن میں آنے والے سب سے کم کیس ہیں، پیر کو کوئٹہ سے 5، پنجگور اور قلعہ سیف اللہ سے ایک ایک کیس رپورٹ ہوا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس کے 7 کیس رپورٹ ہونے کے بعد صوبے میں متاثرہ افراد کی تعداد 11192 ہوگئی، محکمہ صحت کے کورونا وائرس آپریشن سیل کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں پیر کو کورونا وائرس کے صرف 7 کیس

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

ہرنائی قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثہ 1 شخص جاں بحق 1 زخمی

ہرنائی (این این آئی) ہرنائی قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثہ 1 شخص جاں بحق 1 زخمی، پولیس کے مطابق پیر کو ہر

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

ہمیں عوام کی صحت کا بھی خیال رکھنا ہے شادی ہال کے مسئلہ کو کابینہ کمیٹی میں اٹھائیں گے، امور علی محمد خان

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور علی محمد خان نے کہا ہے کہ ایس او پیز کے تحت کاروبار

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

لسبیلہ کے ایک روڈ منصوبے کو بلوچستان ہائیکورٹ میں چیلنج کردیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) لسبیلہ کے ایک روڈ منصوبے کو بلوچستان ہائیکورٹ میں چیلنج کردیا گیا صوبائی حکومت کی

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

سپریم کورٹ آف پاکستان ملک بھر کے ہسپتالوں میں بند او پی ڈیز کا نوٹس لے

لورالائی (آن لائن) سپریم کورٹ آف پاکستان ملک بھر کے ہسپتالوں میں بند او پی ڈیز کا نوٹس لے

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

یوم شہدا پر کشمیریوں کے ساتھ مکمل اظہار کرتے ہیں، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ یوم شہدا پر کشمیریوں کے ساتھ مکمل اظہار

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

توشہ خانہ ریفرنس میں نواز شریف کی طلبی کا اشتہار چسپاں کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) توشہ خانہ ریفرنس میں نواز شریف کی طلبی کا اشتہار چسپاں کردیا گیا، نواز شریف

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

وزیراعظم سے ثانیہ نشتر کی ملاقات، پروگرام احساس نشوونما کے حوالے سے بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان سے معاون خصوصی برائے سماجی تحفظ اور تخفیف غربت

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

لئی ایکسپریس وے پراجیکٹ پر 60 ارب روپے کی لاگت آئے گی، شیخ رشید کو بریفنگ

منصوبہ وفاقی حکومت، صوبائی حکومت اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے اشتراک سے پایہ تکمیل تک پہنچے گا

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

پاکستان کشمیریوں کے استصواب رائے کے حق کے لیے ثابت قدمی سے کھڑا ہے، وزیراعظم

مقبوضہ کشمیر کی بھارت سے آزادی تک کشمیریوں کی حمایت جاری رکھیں گے، وہ دن دور نہیں جب کشمیر بھارت کے قبضے سے آزاد ہوگا، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ پاکستان کشمیریوں کے استصواب رائے کے حق کے لیے ثابت قدمی سے کھڑا ہے، پاکستان مقبوضہ کشمیر کی بھارت سے آزادی تک کشمیریوں کی جائز جدوجہد کی حمایت جاری رکھے گا، وہ دن دور نہیں جب

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

ہرنائی میں کوئلہ کان میں زہریلی گیس بھرنے کے باعث دم گھٹنے سے 2 کانکن جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) ہرنائی میں کوئلہ کان میں زہریلی گیس بھرنے کے باعث دم گھٹنے سے 2 کانکن جاں بحق، ریلیوز کے مطابق پیر کو ہرنائی کے علاقے طور غر میں کوئلہ کان میں زہریلی گیس بھرنے کے باعث دم گھٹنے سے دو کانکن جاں بحق ہوگئے، ریلیوز نے لاشوں کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

کشمیر کے شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، صدر مملکت عارف علوی

عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں بھارتی بربریت اور بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں رکوانے کے لئے کردار ادا کرے، پیغام

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ کشمیر کے شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں بھارتی بربریت اور بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں رکوانے کے لئے کردار ادا کرے۔ اپنے بیان

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نصیر خان کاشانی کی زیر صدارت گوادر پورٹ اتھارٹی کی زیر نگرانی جاری ترقیاتی منصوبوں سے متعلق اجلاس منعقد ہوا

گوادر (این این آئی) چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نصیر خان کاشانی کی زیر صدارت گوادر پورٹ اتھارٹی کی زیر نگرانی جاری ترقیاتی منصوبوں سے متعلق اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں جاری ترقیاتی منصوبوں سے متعلق مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اور تجویز پیش کیے گئے بعدازاں چیئرمین نے نیو انٹرنیشنل ایئرپورٹ و

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

سینیٹر منظور احمد کاکڑ صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو اور مشیر برائے مذہبی امور و پیش کمار بات چیت کررہے ہیں

سینئر بھارتی سفارتکار کی دفتر خارجہ طلبی، جنگ بندی کی خلاف ورزیوں پر پاکستان کا بھارت سے شدید احتجاج

مالی قانون کی خلاف ورزیاں ایل او سی پر کشیدگی بڑھانے کی مسلسل بھارتی کوششوں کا مظہر اور خطے کے امن و سلامتی کے لئے خطرہ ہیں، دفتر خارجہ

تازہ ترین اور اس سے قبل ہونے والی جنگ بندی کی دانستہ خلاف ورزیوں کے واقعات کی تحقیقات کرائے، پاکستان کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے بھارتی سفارتخانے کے سینئر سفارتکار کو دفتر خارجہ طلب کرکے قابض بھارتی فوج کی جانب سے 12 جولائی 2020 کو لائن آف کنٹرول (ایل۔او۔سی) پر جنگ بندی کی خلاف ورزیوں اور اس کے نتیجے میں چھ بے گناہ شہریوں کے زخمی ہونے پر شدید احتجاج کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ عائشہ فاروقی کے مطابق قابض بھارتی افواج کی جانب سے بلااشتعال اور بلاامتیاز فائرنگ کے نتیجے میں 12 جولائی 2020 کو ایل او سی کے رکھ چکری اور کھوئی رٹہ

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

مسئلہ کشمیر کا حل خطے کے امن اور استحکام کے لیے ناگزیر ہے، اسپیکر و ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی

شہدائے کشمیر کا خون رائیگاں نہیں جائے گا، کشمیری بہت جلد آزادی کا سورج طلوع ہوتا دیکھیں گے، اسد قیصر، قاسم خان سوری

اسلام آباد (این این آئی) یوم شہداء کشمیر کے موقع پر اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر اور ڈپٹی اسپیکر قاسم خان سوری نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر کا حل خطے کے امن اور استحکام کے لیے ناگزیر ہے، عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں بھارت کی طرف سے ڈھائے جانے والے مظالم کا

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے 29 ہزار پوسٹ پر دوسرے صوبوں کے لوگ سروے کر رہے ہیں

صوبوں اور فیڈریشن کے درمیان تعلقات کو ضعیف بنانے کی کوشش کی جارہی ہے، بدقسمتی سے ترقی صرف پنجاب تک محدود ہے، بلوچستان کے بچے درختوں کے نیچے بیٹھ کر تعلیم حاصل کررہے ہیں

اٹھارویں ترمیم کو مضبوط کرنے کی بجائے اس کی رول بیک کمزور کرنے کی کوششیں کی جارہی ہیں کیا یہ تبدیلی ہے ہمیں عقل سے کام لینا ہوگا اس سے فیڈریشن کمزور ہوگا، مرکزی سیکرٹری جنرل و سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی نے انکشاف کیا ہے کہ بلوچستان کے 29 ہزار پوسٹوں پر دوسرے صوبوں کے لوگ سروے دے رہے ہیں، اٹھارویں ترمیم کو مضبوط کرنے کی بجائے اس کی رول بیک کمزور کرنے کی کوششیں کی جارہی ہیں کیا یہ تبدیلی ہے ہمیں عقل سے کام لینا ہوگا اس سے فیڈریشن کمزور ہوگا بلکہ صوبوں اور فیڈریشن کے درمیان تعلقات کو ضعیف بنانے کی کوشش کی جارہی ہے، بدقسمتی سے ترقی صرف پنجاب تک محدود ہے، بلوچستان کے بچے درختوں کے نیچے بیٹھ کر تعلیم حاصل کررہے ہیں مگر یہاں لوگ کس

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

حکومت معاشی حالات سے توجہ ہٹانے کے لیے ڈرامے کرتی ہے، بلاول بھٹو

عمران خان پاکستان کے پہلے اور آخری وزیراعظم ہیں جنہوں نے پاکستان کے عوام کو کشمیر پر متحد نہیں کیا، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ حکومت معاشی حالات سے توجہ ہٹانے کے لیے ڈرامے کرتی ہے، عمران خان جمہوریت اور معیشت کے لیے خطرہ ہیں۔ عمران خان پاکستان کے پہلے اور آخری وزیراعظم ہیں جنہوں نے پاکستان کے عوام کو کشمیر پر متحد نہیں کیا۔ کے الیکٹرک اور پی ٹی آئی کے کک مکا کی وجہ سے اربوں روپے کی کرپشن ہورہی ہے۔ عوام کو ریلیف نہ دیا گیا تو سڑکوں پر نکلیں گے، آج بھی وزیراعظم کو کہتے ہیں پیچھے ہٹ جاؤ، کورونا کی پرواہ نہیں کریں گے، احتجاج کرتے ہوئے ان کو تحفظ کر باہر نکالیں گے۔ ان خیالات کا

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

کراچی قائد ملت اسلامیہ حضرت مولانا فضل الرحمن سے مولانا حافظ احمد اللہ ملاقات کررہے ہیں

پی ٹی آئی دور حکومت میں معیشت کی بدحالی قوم کے سامنے ہے، اسحاق ڈار

عالمی حکومت نے 13 سال میں بلند ترین ڈی پی گروتھ، ریکارڈ ریونیو کا حصول، مستحکم پاکستانی کرنسی اور مہنگائی کو کنٹرول کرنے جیسے اہداف حاصل کرکے سابق وزیر خزانہ

کراچی (این این آئی) سابق وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے گزشتہ روز مسلم لیگ (ن) بزنس فورم کے ارکان سے اپنے خطاب میں کہا کہ پی ٹی آئی دور حکومت میں معیشت کی بدحالی قوم کے سامنے ہے جس کے مقابلے میں مسلم لیگ (ن) حکومت نے 13 سال میں بلند ترین ڈی پی گروتھ، ریکارڈ ریونیو کا حصول، مستحکم پاکستانی کرنسی اور مہنگائی کو کنٹرول کرنے جیسے اہداف حاصل کیے۔ میٹنگ کا اہتمام مسلم لیگ (ن) بزنس فورم کے صدر اشتیاق بیگ نے کیا تھا۔ اپنی پریذنٹیشن میں انہوں

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

پاکستان بحریہ میں جدید بحری جہاز پی این ایس یرموک کی شمولیت کی تقریب

کراچی (این این آئی) پاکستان بحریہ کے لئے تعمیر کردہ جدید کارویٹ پی این ایس یرموک کی بحری بیڑے میں شمولیت کی تقریب پاکستان نیوی ڈاکیارڈ کراچی میں منعقد ہوئی۔ چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل ظفر محمود عباسی تقریب کے مہمان خصوصی

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنرز آنکھیں بند کرکے لوکل ووڈ میسائل سرٹیفکیٹ جاری کرتے ہیں

چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ

بائیر ایجوکیشن کمیشن جامعات کو پیسے اور گرانٹ ان ایڈ تو دیتی ہے مگر ان پر چیک اینڈ بیلنس نہیں رکھتی، تعلیم اب صوبائی معاملہ ہے

جارہا بائیر ایجوکیشن کمیشن نے پچھلے پانچ سالوں سے جامعات کی جانب سے مانگے گئے ایڈہاک کو پورا نہیں کیا ہے، حکومت کو اپنے گریبان میں دیکھنا چاہیے، جسٹس جمال خان مندوخیل

کوئٹہ (آن لائن) چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیئے کہ حکومتی کارکردگی کا عالم یہ ہے کہ اپنی کمشنرز آنکھیں بند کرکے ایک چٹ پر لوکل ووڈ میسائل سرٹیفکیٹ جاری کرتے ہیں حکومت کو اپنے گریبان میں دیکھنا چاہیے، بائیر ایجوکیشن کمیشن جامعات کو پیسے اور گرانٹ ان ایڈ تو دیتی ہے مگر ان پر چیک اینڈ بیلنس نہیں رکھتی، تعلیم اب صوبائی معاملہ ہے۔ پیر کو بلوچستان ہائی کورٹ میں درخواست گزار معصوم خان کاکڑ ایڈووکیٹ کی جانب سے دائر آئینی درخواست کی سماعت ہوئی۔ سماعت کے دوران درخواست گزار معصوم خان کاکڑ ایڈووکیٹ نے عدالت کو بتایا کہ بلوچستان کی جامعات کو ان کی ڈیمانڈ کے مطابق سالانہ بنیادوں پر گرانٹ ان ایڈ نہیں دیا جارہا بائیر ایجوکیشن کمیشن نے پچھلے پانچ سالوں سے جامعات کی جانب سے مانگے گئے ایڈہاک کو پورا نہیں کیا ہے، اس موقع پر یونیورسٹی کے لیگل ایڈوائزر اکرم شاہ ایڈووکیٹ نے کہا کہ سالانہ بنیادوں پر

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ جام کمال فوری طور پر ایک میٹنگ بلا کر تمام سینئر ساتھیوں کے تحفظات کو دور کریں، میر عبدالکریم نوشیروانی

مشاورت سے حکومتی اور پارٹی امور کو چلایا جائے تاکہ آئندہ آنے والے الیکشن سے قبل ہم ایک اچھا رزلٹ دے سکیں

پاس اس وقت کوئی سیاسی کم نہیں ہے اور ان کے اردگرد جن کیڈر کے لوگ جمع ہیں حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے سابق صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر نائب صدر اور سابق صوبائی وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی نے کہا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی میں بعض سینئر ساتھیوں کو وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال سے بعض معاملات میں گلے شکوے اور تحفظات ہیں لہٰذا وزیراعلیٰ جام کمال جو کہ پارٹی کے مرکزی صدر بھی ہیں کو چاہیے کہ دو فوری طور پر ایک میٹنگ بلا کر تمام سینئر ساتھیوں کے تحفظات کو دور کریں اور پارٹی کو صوبے میں فعال بنانے کیلئے مشاورت کریں۔ یہ بات انہوں نے کراچی سے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

پاکستان اگلے سال ورلڈ اکنامک فورم کی میزبانی کرے گا، فورم میں تین روز کانفرنس کیلئے اور دو روز سیاحت کیلئے ہوں گے، زلفی بخاری

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کے معاون خصوصی زلفی بخاری نے کہا ہے کہ پاکستان اگلے سال ورلڈ اکنامک فورم کی میزبانی کرے گا، فورم میں تین روز کانفرنس کیلئے اور دو روز سیاحت کیلئے ہوں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ورلڈ اکنامک فورم اور ڈی ایٹ سمٹ دونوں الگ الگ

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

حکومت کی رٹ کو کسی صورت چیلنج نہیں کرنے دینگے، محمد خان طورو

چند مٹھی بھر دہشت گردوں کو حکومت کی رٹ کو کسی صورت چیلنج نہیں کرنے دینگے اور نہ ہی انہیں اپنے عزائم کی تکمیل کی اجازت دی جائیگی، حاجی محمد خان طورو اتمانخیل

پاک فوج نے ملک کے سرحدوں کی ہمیشہ حفاظت اپنے خون سے کی ہے، ہمارے افواج نے ہمیشہ ملک اور امن دشمن قوتوں کے ناپاک عزائم کو ہر صورت ناکام بنایا ہے

لورالائی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر صنعت و حرفت حاجی محمد خان طورو اتمانخیل پارلیمانی سیکرٹری جنگلات و جنگلی حیات ایم پی اے سردار مسعود لونی نے اپنے مشترکہ بیان میں ثانی وزیرستان کے علاقے میرانشاہ میں دہشت گردوں کے فائرنگ سے چار فوجی اہلکاروں کی شہادت کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج نے ملک کے سرحدوں کی ہمیشہ حفاظت اپنے خون سے کی ہے ہمارے افواج نے ہمیشہ ملک اور امن دشمن قوتوں کے ناپاک عزائم کو ہر صورت ناکام بنایا ہے چند مٹھی بھر دہشت گردوں کو حکومت کی رٹ کو کسی صورت چیلنج نہیں کرنے دینگے اور نہ ہی انہیں اپنے عزائم کی تکمیل کی اجازت دی جائیگی انہوں نے کہا کہ بیرونی اشاروں پر ملک اور صوبے کے محب وطن عوام کی قسمت کے فیصلوں کا

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

بھارتی فوج کی بلااشتعال فائرنگ، کمسن لڑکی اور خواتین سمیت پانچ افراد زخمی

راولپنڈی/سیری (این این آئی) بھارتی فوج نے ایک بار پھر سیز فائر معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے سیری کھوئی رٹہ سیکٹر پر انڈین آرمی کی بلااشتعال شہری آبادی پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں کمسن لڑکی اور خواتین سمیت پانچ افراد زخمی ہوگئے، پاک فوج کی

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

ملک بھر میں چوبیس گھنٹوں میں مزید کورونا وائرس سے مزید 69 مریض چل بسے، تعداد 5266 ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں چوبیس گھنٹوں میں مزید کورونا وائرس سے مزید 69 مریض چل بسے جس کے بعد جاں بحق افراد کی تعداد 5266 ہوگئی جبکہ 2769 نئی کیسز رپورٹ ہوئے تعداد دو لاکھ 51 ہزار 625 تک جا پہنچی، ایک لاکھ 61 ہزار 917 مریض صحتیاب ہوگئے۔ پیر کو نیشنل کمانڈ اینڈ

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

2018 میں بلوچستان کی عوام سے بی اے پی کو عوام کی بلاتفریق خدمت کا مینڈیٹ دیا، سید حسنین ہاشمی

بلوچستان عوامی پارٹی کو ملک دشمن عناصر نے نشانہ بنا کر سوچا تھا کہ شاید ہم خاموش ہوجائیں گے، مرکزی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری سید حسنین ہاشمی نے کہا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی شہداء کی وارث جماعت ہے جو صوبے کے عوام کی بلاتفریق خدمت میں مصروف ہے، شہداء اور بلوچ آج بھی ہمارے دلوں میں زندہ ہیں شہید وطن نواز دوہ سراج رئیسانی اور انکے ساتھیوں کی قربانی کسی صورت رائیگاں نہیں جائیں گی، یہ بات انہوں نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کہی، سید حسنین ہاشمی نے کہا بلوچستان عوامی پارٹی وہ جماعت ہے جس نے

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

کراچی نیول چیف ایڈمرل ظفر محمود عباسی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

جرائم کی روک تھام کیلئے کوئٹہ پولیس کو نمایاں کردار ادا کرنا ہوگا، ضیاء لانگو

محکمہ داخلہ، پولیسنگ کے مجموعی امور، اقدامات، کوئٹہ جیل پروجیکٹ، حکمت عملی اور لائحہ عمل کا خصوصی حوالوں سے جائزہ لیا

ترقیاتی منصوبوں کا بنیادی مقصد انتظامی امور میں بہتری لانا ہے تاکہ عوام کو بہترین شہری سہولیات کی فراہمی ممکن ہوسکے، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (ش ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کی زیر صدارت صوبے بھر میں امن و امان کی صورتحال و ترقیاتی امور جائزہ کے حوالے سے منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی منعقدہ ہوا۔ اجلاس میں محکمہ داخلہ، پولیسنگ کے مجموعی امور، اقدامات، کوئٹہ جیل پروجیکٹ، حکمت عملی اور لائحہ عمل کا خصوصی حوالوں سے جائزہ لیا۔۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حافظ عبدالباسط، ایڈیشنل آئی جی پولیس عبدالرزاق چیمہ، انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات ملک محمد یوسف، ایڈیشنل سیکرٹری ٹو چیف سیکرٹری بلوچستان مجیب الرحمان، ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ اللہ قادر بلوچ پرکانی، ڈی جی لیویز مجیب الرحمن قمبرانی و دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی اجلاس میں شریک اعلیٰ حکام نے وزیر داخلہ کو اپنے اپنے محکموں موجودہ صورتحال و ترقیاتی امور پر مکمل بریفنگ دی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے گرد مزید گھیرا تنگ کیا جائے، قانون نافذ کرنے والے اداروں میں ترقیاتی منصوبوں کا بنیادی مقصد انتظامی امور میں

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

قابض فوجوں کی جانب سے کیے گئے غیر قانونی مظالم، زیر حراست شہادتیں اور گرفتاریاں کشمیری آزادی کی تحریک کو روک نہیں سکتیں، شہریار آفریدی

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے کشمیر کے چیئرمین شہریار آفریدی نے کہا ہے کہ قابض فوجوں کی جانب سے کیے گئے غیر قانونی مظالم، زیر حراست شہادتیں اور گرفتاریاں کشمیر کی آزادی کی تحریک کو روک نہیں سکتیں۔ اپنے بیان میں شہریار آفریدی نے کہا کہ کشمیر کی جدوجہد آزادی 1846 میں

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

پاکستان کو تاحال کورونا کے نقصانات کا سامنا ہے، آئی ایم ایف کی آؤٹ لک رپورٹ جاری

کورونا کے دوران پاکستان کو فنڈز فراہم کیے، کورونا کی وجہ سے فنڈز کی ترجیحات تبدیل ہوئیں، رپورٹ

کورونا کی وجہ سے پاکستان میں شرح نمو متاثر ہوئی، رواں مالی سال پاکستان کی شرح نمو ایک فی صد رہے گی

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف نے آؤٹ لک رپورٹ جاری کردی ہے جس کے مطابق پاکستان کو تاحال کورونا کے نقصانات کا سامنا ہے۔ رپورٹ کے مطابق کورونا کے دوران پاکستان کو فنڈز فراہم کیے، کورونا کی وجہ سے فنڈز کی ترجیحات تبدیل ہوئیں۔ رپورٹ کے مطابق کورونا کی وجہ سے پاکستان میں حاصل متاثر ہوئے، کورونا کی وجہ بروقت ٹیکس جمع کرنا دشوار ہوا، کورونا کی وجہ سے پاکستان کو مانیٹری پالیسیوں میں تبدیلیاں کرنا پڑیں۔ رپورٹ کے مطابق

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

سندھ، بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے عوام بنگالیوں سے کمزور نہیں، عثمان کاکڑ

سندھ، بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے عوام بنگالیوں سے کمزور نہیں، پاکستان ایک فیڈریشن ہے جہاں بلوچ، پشتون، سندھی، سرائیکی، پنجابی اقوام آباد ہیں

صدارتی نظام لانے یا 18 ویں ترمیم کو چھیڑنے کی کوشش کی گئی تو اس آئین کو مسترد کرکے نئے عمرانی معاہدے کی طرف جائیں گے، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر و سینیٹر عثمان کاکڑ نے کہا ہے کہ صدارتی نظام لانے یا 18 ویں ترمیم کو چھیڑنے کی کوشش کی گئی تو اس آئین کو مسترد کرکے نئے عمرانی معاہدے کی طرف جائیں گے، سندھ، بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے عوام بنگالیوں سے کمزور نہیں، پاکستان ایک فیڈریشن ہے جہاں بلوچ، پشتون، سندھی، سرائیکی، پنجابی اقوام آباد ہیں، یہ ملک اسٹیبلشمنٹ کیلئے نہیں بلکہ 22 کروڑ عوام کیلئے بنا ہے یہاں حق حکمرانی عوام اور اس کے منتخب پارلیمنٹ کا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایوان بالا میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا سینیٹر عثمان کاکڑ نے کہا کہ پاکستان ایک فیڈریشن ہے اور یہاں بلوچ پشتون سندھی سرائیکی اقوام رہائش پذیر ہیں یہ پاکستان فوج کیلئے نہیں بلکہ 22 کروڑ عوام کیلئے بنا ہے یہاں حق

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

سینیٹ میں این ایف سی ایوارڈ میں آئینی ترمیم کا بل پیش کرنے کی تحریک مسترد

حکومتی اتحادی سینیٹر پیر سزمحمد علی سیف کے آئینی ترمیمی بل پیش کرنے کے حق می

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.pk

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

14 جولائی 2020ء

پاکستان کا بچہ بچہ میں کشمیریوں کے ساتھ ہے

پاکستان کا بچہ بچہ، سیاسی عسکری قیادت سمیت پوری قوم حق خودارادیت کی جدوجہد میں کشمیریوں کے ساتھ ہے اور انشاء اللہ آزادی تک ہم آپ کا ساتھ نبھائیں، مسلم امہ مظلوم کشمیریوں کی آواز بنیں۔ بھارت کے حالیہ اقدامات نے کشمیریوں کو مزید متنفر کر دیا ہے۔ وہ لوگ جو ماضی میں بھارت سرکار کے ساتھ تھے انہوں نے بھی بھارتی رویے کے باعث علیحدگی اختیار کر لی ہے، کشمیریوں کی جدوجہد، ایثار اور قربانیوں کی ایک لازوال داستان ہے، بھارت کی جانب سے ہمہ قسم کے ہتھکنڈے استعمال کیے گئے نئے قوانین لائے گئے، 1931 سے لیکر 2020 تک اس بے مثال جدوجہد میں کئی اتار چڑھاؤ بھی آئے لیکن کشمیریوں کے جذبے ماند نہیں ہوئے کشمیری قیادت کو خریدنے کی کوشش کی گئی ان، کشمیری قیادت سامنے لانے کی کوشش کی گئی لیکن کشمیری قیادت غیر متزلزل رہی اور بھارت کو ناکامیوں کا سامنا کرنا پڑا۔ آج کشمیریوں کو، بالخصوص مقبوضہ جموں وکشمیر میں بسنے والے کشمیری مسلسل تکالیف اٹھا رہے ہیں تکلیف میں ضرور ہیں لیکن آپ تنہا نہیں ہیں۔ پاکستان کا بچہ بچہ، پاکستان کی سیاسی عسکری قیادت سمیت پوری قوم آپ کی حق خودارادیت کی جدوجہد میں آپکے ساتھ ہے اور انشاء اللہ آزادی تک ہم آپ کا ساتھ نبھائیں گے۔ ہم آپ کے مقصد کی کامیابی کے لیے دعا گو ہیں۔ اقوام متحدہ سمیت ہر فورم پر، کھل کر کشمیریوں کے حق میں آواز اٹھائی اور کشمیریوں کا مقدمہ بطور کشمیر کے سفیر کی حیثیت سے پیش کرنے کی کوشش کی۔ ہمیں احساس ہے کہ بہت سے ہمارے دوست ممالک جو ہم سے ہمدردی رکھتے ہیں وہ معاشی مصلحتوں کے باعث آواز کھل کر نہیں اٹھاتے۔ سربیا میں ہزاروں بے گناہ لوگ مارے گئے لیکن دنیا خاموش رہی کیا دنیا پھر یہ غلطی دوہرائے گی کیا مقبوضہ کشمیر کے معاملے پر بھی اپنی نظریں بند رکھے گی؟ دنیا کو سبق سیکھنا ہوگا۔ چین نے مقبوضہ کشمیر میں کیے گیے 5 اگست کے بھارتی اقدام کو اپنے عملی اقدامات سے یکسر مسترد کیا، بھارت بتدریج بے نقاب ہو رہا چین کے ہاتھوں لداخ میں ہونیوالے سبکی ساری دنیا نے دیکھی، چین سمجھتا ہے کہ چین اور پاکستان کے بہت سے متنازعہ علاقوں پر بھارت قابض ہے۔ اب مسلم امہ پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ ان مظلوم کشمیریوں کی آواز بنیں۔ سوشل میڈیا کو بروئے کار لاتے ہوئے ان کی آواز کو اتنا ابھاریں کہ یہ گونج ان حلقوں تک بھی پہنچ جائے جو بہرے ہو چکے ہیں۔

ریاستِ مدینہ کے قیام کی خام خیالی

لیفٹیننٹ کرنل (ر) غلام جیلانی خان

یوں معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے وزیراعظم کچھ دنوں سے ریاستِ مدینہ کے قیام کی تکرار چھوڑ چکے ہیں۔ شاید کسی سیانے نے ان کو سمجھا دیا ہے کہ آپ ہر تقریر میں ریاستِ مدینہ کی طرز پر ریاستِ پاکستان کی تعمیر وتشکیل کا خیال ترک کر دیں۔ وزیراعظم تاریخ کے ایک طالب علم بھی ہیں۔ وہ ایک سے زیادہ بار مختلف کتابوں کا نام لے کر پاکستانیوں کو بتا چکے ہیں کہ ان کتب کا مطالعہ کرو اور ان خطوط پر پاکستان کی تعمیر نو کا فریضہ انجام دو۔

سب سے پہلے میں قارئین کو رسول کریمؐ کی مکہ سے مدینہ کے لئے ہجرت کی طرف لے جانا چاہتا ہوں۔ کیا وجہ تھی کہ مکہ کی 13 سالہ (بعد از اعلان نبوت) زندگی میں آپؐ کو یہ خیال نہ آیا کہ اسی مکہ کو "ریاستِ مدینہ" بنا دیا جائے؟ کیا وجہ تھی کہ آپؐ کی مکی زندگی کے بے نظیر ماڈل کو دیکھ کر بھی اہل مکہ اس نئے دین کو قبول نہیں کر رہے تھے؟ کیا وجہ تھی کہ کفار مکہ کے تیور دیکھ کر آپؐ نے نئے آفاق ڈھونڈنے کا فیصلہ کر لیا؟ جس دن آپؐ نے مکہ سے نکلنے کا فیصلہ کیا اسی رات کفار مکہ نے فیصلہ کر لیا تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کام تمام (نعوذ باللہ) کر دیا جائے۔ یہی سبب تھا کہ آپؐ نے اپنے بستر میں حضرت علیؓ کو سلایا اور حضرت ابوبکرؓ کو ساتھ لے کر 400 کلومیٹر طویل سفر پر نکل کھڑے ہوئے۔

حضرت ابوبکرؓ کو آپؐ خود اپنے ساتھ لے گئے یا حضرت ابوبکرؓ نے اصرار کیا کہ میں آپؐ کو اکیلا اتنے لمبے سفر پر جانے نہیں دوں گا؟ حضرت ابوبکرؓ عمر میں حضرت محمدؐ سے بڑے تھے۔ ان کو اپنے ہمراہ پیدل سفر پر لے جانے میں کیا مصلحت تھی، اس کا علم تو ذات باری تعالیٰ ہی کو ہوگا۔ یہ سفر کتنے روز کا تھا۔ آپؐ نے اور حضرت ابوبکرؓ نے راستے میں کہاں کہاں قیام فرمایا، وہاں کے لوگوں نے کفار مکہ کو جا کر مخبری کیوں نہ کی، ان کو سواری کے لئے کون سے جانور ساتھ دیئے یا نہ دیئے، آپؐ کھانا کہاں کہاں کھاتے رہے اور راتیں کہاں بسر کیں اور جب مدینہ پہنچے تو شہر کی بچیوں کو کس نے مطلع کیا کی نبی آخر الزماںؐ وارد مدینہ ہو رہے ہیں۔ ان سوالوں کے جواب پر بھی غور کیجئے تاکہ آپ کو معلوم ہو کہ اس طرح کے طویل سفر میں پوشیدگی اور اخفاء کو کیسے قائم رکھا گیا اور اگر سفر مدینہ کو خفیہ رکھا گیا تو اس کی الوہی وجوہات کیا تھیں؟

اور پھر جب آپؐ مدینہ تشریف لے آئے تو وہاں یہودی بھی تھے اور نصرانی بھی، ان کی آنکھوں کے سامنے آپؐ نے دائیں بائیں قبائل کے لئے سفارتیں روانہ کیں۔ پھر اگلے سال جب سن 2 ہجری میں غزوہ بدر کے لئے روانگی ہوئی تو آپؐ کے ساتھ 313 مسلمان تھے۔ ان میں بوڑھے بھی، نوجوان بھی اور نوعمر لڑکے بھی تھے۔ ان کا کوئی اختلاف نہیں تھا اور ادھر ہمارے پاکستان کے 22 کروڑ عوام ہیں کہ جن میں اختلافات ہی اختلافات ہیں۔ ایسے میں یہ پاکستانی قوم ریاست مدینہ کا خواب کیسے دیکھ سکتی ہے؟

دوسری بات یہ تھی کہ ان 313 صحابیوں میں کوئی بھی سابق فوجی نہ تھا، قبائلی طرز جنگ میں قائم افواج کا تصور ہی نہ تھا۔ فوج اور سویلین آبادیوں میں کوئی تقسیم وتفریق نہ تھی۔ سب سویلین تھے اور سب کسی روایتی یا گوریلا طرز جنگ سے واقف نہیں تھے۔ لیکن ساری مسلمان قوم ایک تھی اور ان کا لیڈر (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ایک ایسا قائد تھا جس نے خود کسی لڑائی یا جھڑپ میں اس سے پہلے کبھی حصہ نہیں لیا تھا۔ بس آپؐ نے فیصلہ کیا اور سارے مسلمان اس فیصلے پر سر تسلیم خم کرتے ہوئے آپؐ کے ساتھ ہو لئے۔ لیکن کیا یہ ماڈل، آج کی ریاست پاکستان پر منطبق کیا جا سکتا ہے؟ اگر نہیں تو عمران خان صاحب کو سوچنا چاہئے کہ وہ ریاست مدینہ کے ماڈل کا ذکر بار بار کیوں کرتے ہیں؟ ..... وزیراعظم انصاف اور عدل کے جس نظام کا حوالہ دیتے ہیں وہ نظام 313 افراد میں تو ہو سکتا تھا، 22 کروڑ کی کثیر آبادی میں کہ جس میں فرقے ہی فرقے ہیں، ذاتیں ہی ذاتیں ہیں، اپنی اپنی پارٹی کے منشور ہیں، آئین کی اپنی اپنی تشریحات ہیں، تو ایسے میں اس انصاف کی صورت کیا ہوگی جو سن دو ہجری سے سن 10 ہجری کے نو، دس برسوں میں تھی؟ ..... ریاستِ مدینہ میں تو یکجہتی تھی، اتفاق واتحاد تھا، ایک لیڈرؐ پر ایمان کامل تھا، ایک فرد دوسرے فرد پر جان قربان کرنے کو تیار رہتا تھا، مرنے مارنے کا ذکر کرنا ہو تو حضرت ابوبکرؓ اور ان کے بیٹے کا وہ مکالمہ یاد کیجئے جب بیٹا غزوہ بدر میں کفار مکہ کی طرف سے شریک جنگ تھا۔ جب وہ مسلمان ہو گیا تو باپ سے کہنے لگا: "ابا جی! کئی دفعہ ایسا ہوا کہ آپ بدر میں میری تلوار کی زد میں آئے لیکن میں نے آپ پر اس لئے وار نہ کیا کہ آپ میرے والد تھے" ..... یہ سن کر حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا: "بیٹا! خدا کی قسم! اگر تم اس غزوے میں میری تلوار کی زد میں آ جاتے تو میں تمہاری گردن کاٹنے سے دریغ نہ کرتا!" ..... سبحان اللہ! ایمان کی پختگی اور عزم صمیم کا انداز دیکھئے اور پھر اپنے پاکستان کو یاد کیجئے۔ یہاں تو ایک خاندان میں آدھے لوگ دریا کے اس طرف ہیں اور آدھے دوسرے کنارے پر ہیں۔

ریاستِ مدینہ کی یکجہتی اور اتحاد کہاں ہے؟ عمران خان کس ریاستِ مدینہ کی بات کرتے ہیں؟ ان کا جذبہ بے شک صادق ہوگا، ان کا ایمان ویقین بھی بے شک اسلام کے اصولوں کے عین مطابق ہو گا، لیکن جب تک ریاستِ مدینہ کا وہ ماحول، فضا اور وہ کیفیت احوال نہیں ہوگی جو آنحضورؐ کے زمانے میں تھی اُس وقت تک اس ریاست کے ماڈل کی تقلید کیسے کی جا سکے گی؟

تیسرے اس نکتے پر بھی غور کیجئے کہ سرکار دو عالمؐ کے مدینہ میں ایام جنگ میں امام اور مبتدی میں کوئی فرق نہ تھا۔ سب کے سب جہاد کی کال پر لبیک کہتے ہوئے میدان کارزار میں اُتر جاتے تھے۔ کیا آج پاکستان میں ایسا ماحول ہے؟ ..... میرے ایک دوست میجر سعید ٹوانہ مرحوم نے یہ واقعہ مجھے کئی بار سنایا کہ میں 6 ستمبر 1965ء کو صدر ایوب کی تقریر سن رہا تھا۔ اس وقت ظہر کی نماز کا وقت تھا، میں کمانڈر انچیف کی تقریر سن کر سیدھا گھر پہنچا، وردی زیب تن کی (وہ فوج سے ریٹائر ہو چکے تھے) اور سیدھا محاذ کی طرف روانہ ہو گیا۔ راستے میں اتفاق سے وہ امام مسجد جن کے پیچھے میں نے نماز ادا کی تھی، مسجد سے نکل کر گھر جا رہے تھے۔ میں نے انہیں کہا: "حضرت! آیئے، قوم آپ کو جہاد پر بلا رہی ہے۔" ..... وہ سن کر فرمانے لگے: "لڑنا جھگڑنا ہمارا کام نہیں، یہ فوج کا کام ہے۔ آپ جانیں اور انڈیا جانے۔ ہم اگر جنگ میں چلے گئے تو جہاد کو موٹیویشن کون دے گا؟ ہم تو قوم کو جہاد پر ابھارتے اور آپ کا حوصلہ بلند کرتے ہیں۔ ہم نہیں ہوں گے تو ہمارا یہ کام کون کرے گا؟" ..... دور نبویؐ میں اس قسم کا کوئی وتیرہ یا روایت نہ تھی، ساری قوم قبلہ رو ہو کے زمیں بوس ہو جاتی تھی۔ کوئی محمود اور کوئی ایاز یا کوئی امام اور کوئی مبتدی نہ تھا۔ سب ایک تھے اور یہی ریاستِ مدینہ تھی!

اب تو زمانہ بدل گیا۔ فوج اور سول دو جداگانہ ادارے بن گئے۔ جذبۂ جہاد تقریباً فوت ہو چکا ہے۔ اب صرف وہ لوگ اپنے بچوں کو فوج میں بھیجتے ہیں جو خود شوق شہادت سے سرشار ہوتے ہیں۔ کیا کسی سیاست دان یا کسی وزیر کو آپ نے دیکھا کہ اس نے اپنے بچوں کو فوج میں بھیجا اور ریاستِ مدینہ کی روایات کی پیروی کی؟

چوتھے یہ کہ ریاستِ مدینہ کتنی دیر تک چل سکی؟ خلافت راشدہ کا عرصہ صرف 32 برس ہے۔ اس کے بعد طرز حکومت کیوں تبدیل ہوا؟ خلافت سے بادشاہت اور پھر آمریت سے جمہوریت تک کا سفر سینکڑوں ہزاروں برسوں پر محیط ہے۔ ان برسوں میں اسلام کے نام لیواؤں نے کیا کیا چغے اور چولے نہیں بدلے اور کیا کیا روپ نہیں دھارے۔ آپ گردش ایام کو پیچھے کی طرف دوڑا بھی دیں تو وہ لوگ جو 1450 برس قبل مدینہ میں موجود تھے، وہ آج پاکستان میں کہاں سے ہاتھ آئیں گے؟

کرپشن کیخلاف قانون سازی، پی سی بی کی وزیراعظم کو بھیجی گئی تجاویز میں قیوم رپورٹ کا بھی حوالہ لیکن خود اس پر کتنا عمل کر رہا ہے؟ ایسی تفصیلات کہ یقین کرنا مشکل

ہاں اگر وزیراعظم نے ریاستِ مدینہ کی طرف مراجعت کرنی ہے تو اس کے اصول وضوابط کی روح کو سمجھیں اور اس کو آج کے ماحول میں رکھ کر عدلیہ، انتظامیہ اور مقننہ کا وہ تصور پیش کریں جس کا لب لباب مبنی بر انصاف وعدل ہو ..... اس نکتے پر گہرے غور وفکر کی ضرورت ہے۔ خدارا ہر دوسرے روز ریاستِ مدینہ کی رٹ لگا کر جگ ہنسائی سے گریز کیجئے۔

واہ بلوچ تیری بلوچ گی

کائنات ملک

سرداروں کو شکست دے کر جیت کا جشن منایا تھا۔ تو ان بلوچ سرداروں کو اپنی شکست وہ بھی ایک عورت کے ہاتھوں اور آپ کی جیت کا جشن ختم نہیں ہو رہا۔ یہ زخم ان کا ابھی نہیں بھرے گا۔ بلکہ یہ زخم ہمیشہ تازہ رہے گا۔ وہ اتنی بڑی بے عزتی کہاں بھول سکتے ہیں۔ وہ آپ کی اس طرح تذلیل کرتے رہیں گے۔ وہ صرف اپ کی تذلیل نہیں کر رہے بلکہ اس وہیب کی اور اپنی بہنوں بیٹیوں کی بھی تذلیل کر رہے ہیں۔ اس طرح کی گھٹیا حرکت یہاں کے بلوچوں کو زیب نہیں دیتی ۔اور یہ ہونے والی تذلیل سے زرتاج گل کا قد کم نہیں ہوا۔ مگر میڈیا کے ذریعے پوری دنیا کو پتہ چل گیا کہ بلوچ لوگ بدلے کی آگ میں اتنے گرے جائے گے۔ بہت سے اچھے بلوچ موجود ہیں۔ جو آج بھی عورت کو اتنا مقدس سمجھتے ہیں۔ جہاں عورت بیٹھی ہو۔ وہ جگہ چھوڑ دیتے ہیں۔ اپنی بیٹھنے کی کرسی ہو یا چارپائی۔ ان کے احترام میں دور فاصلے پر رکھ کر ان سے نرم لہجہ میں بات کرتے ہیں۔ اور اپنے روایت کے مطابق اس کے سر پر چادر ڈالتے ہوئے اسے اپنی عزت سمجھتے ہیں۔ اور اس کے چل کر آنے پر اس کو احترام عزت دیتے ہیں۔ مگر فورٹ منرو جلسے کی گھٹیا حرکت کرنے والے بلوچوں نے تمام بلوچ قوم کے سر شرم سے جھکا دیے ہیں۔ چادر پہنانے والوں نے اپنی بہن بیٹی کے سر کو ننگا کرنے کی کوشش کی۔ بلوچ روایت کی دھجیاں اڑا کر رکھ دیں۔ کاش ان کو احساس ہوتا کہ ان کے اس گندے عمل پر پوری دنیا میں بلوچ قوم کی رسوائی ہوئی ہے۔ اس طرح کا غلط عمل قابل مذمت ہے۔ یہ بلوچوں کی غیرت پر سوال ہے۔ اب بلوچ سینہ تان کر اپنا میں بلوچ ہاں کا تعارف مت کرائے۔ ورنہ اس کی بلوچی گنی پر شک ہوگا۔ ہم اس طرح کے سلوک پر پرزور مذمت کرتے ہیں۔ اور بلوچ قوم سے مطالبہ کرتے ہیں۔ اور فورٹ منرو جلسے پر کیے گے واقعے پر وہیب کی بیٹی بہن۔ زرتاج گل سے معافی مانگیں اور اسے پورے احترام عزت کے ساتھ جو اس وہیب کی بیٹی کا حق ہے دے اور اس کے ساتھ بیٹھ کر تمام مسائل کے حل نکالنے کے لیے ان سے گفتگو کرے۔

ایک ڈھونڈو ہزار ملتے ہیں

ایم سرور صدیقی

درویش کے گرد آج بھی لوگوں کا ہجوم تھا کتنے ہی عقیدت سے بھلائی اور دانائی کی باتیں سن کر سر ہلا رہے تھے درویش کے چہرے پر عجب نور تھا۔ کشش بھی انوکھی بعض اوقات وہ اپنی گفتگو میں ذہنوں میں الجھتے سوال خود بیان کر دیتا تو کئی حیرت سے ایک دوسرے کو تکنے لگتے جب انہی سوالوں کے جواب ملتے تو گویا تسلی وتشفی ہو جاتی اس روز کسی نے سوال کر ڈالا بابا جی! جہالت کیا ہے؟۔ درویش نے چونک کر سوال کرنے والے کی طرف دیکھا۔ ہونٹوں پر مسکراہٹ پھیلی اور ترت جواب دیا اپنی غلط بات پر اصرار کرنا سب سے بڑی جہالت ہے۔ ہم دیکھیں غور کریں تو احساس ہوگا اس معاشرے میں قدم قدم پر ہمارا واسطہ روزانہ جاہلوں سے پڑتا رہتا ہے اور جاہل بھی اس قدر جاہل کہ حیرت ہوتی ہے دنیا کی قیامت خیز ترقی، نت نئی ایجادات، شعور وآگہی فہم وفراست کا بڑھتا ہوا رجحان، حالات اور ذہنوں میں آنے والی تبدیلی کا بھی ان پر کوئی اثر نہیں ہوا یعنی لوگ اپنی غلط بات پر اصرار کرتے نظر آتے ہیں اس صورت حال میں کبھی کبھی دل چاہتا ہے غالب کے شعر کو مستقل ایسے لکھا اور پڑھا جائے

"جاہلوں" کی کمی نہیں غالب
ایک ڈھونڈو ہزار ملتے ہیں

عالم اسلام کو جس خوفناک عفریت کا سامنا ہے اسے جہالت کے نام سے ہی تعبیر کیا جا سکتا ہے اسی وجہ سے مسلمان علمی میدان میں پیچھے ہوتے جا رہے ہیں اب سوال یہ ہے کہ ہم کیسے مسلمان ہیں؟ جنہیں مومن کی گمشدہ میراث تلاش کرنے کا ہی ادراک نہیں ہے پاکستان میں خودکش حملے، بم دھماکے، دہشت گردی اور انتہا پسندی سب کا سب جہالت کا شاخسانہ ہے قرآن مجید کی آیات کے مطالب اپنے مقصد کیلئے استعمال کرنا، اسلام کو دکانداری بنا لینا، غلط تشریح کرنا یہ جہالت کی علامت ہے اور اسی جہالت نے اسلام کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے دنیا میں آدھے مسائل کی بنیاد جہالت ہے پاکستان میں تو ان نام نہاد سیاستدانوں، ان پڑھ فتویٰ فروشوں اور جاہل دانشوروں نے اندھیر مچا رکھا ہے ری سی کشر اسلام کا نام لے کر اسلام کا استحصال کرنے والوں نے پوری کر دی ہے جو صرف اپنے مفادات کے غلام ہیں یہ اندھوں میں کانے راجہ بن کر جو دل چاہے کرتے پھرتے ہیں انہیں کوئی پوچھنے والا نہیں۔ سوئی تقدیر سے کوئی پوچھ ہی بیٹھے تو کفر کے فتوے اور تیرے لیے تک پیچھا نہیں چھوڑتے۔ درویش تو سچ ہی کہتے ہیں انہیں کسی کی تارا شکی کا ڈر جو نہیں ہوتا اس درویش نے بھی سچ ہی کہا تھا اپنی غلط بات پر اصرار کرنا سب سے بڑی جہالت ہے۔ اپنے ادھر ادھر نظر دوڑایئے۔ من کو تول کر دیکھیں نام نہاد بڑے بڑے دانشوروں کو دیکھئے ان کی سب سے بڑی خوبی یہ ہوگی کہ وہ اپنی غلط بات پر اصرار کریں گے اور اس کے حق میں بے سروپا دلیلیں، عجیب وغریب باتیں کریں گے ان کا مقصد شاہ سے زیادہ شاہ کی وفاداری ہے شاید سچ انہیں اچھا ہی لگتا فقط حکمرانوں پر ہی موقوف نہیں ہم میں سے اکثر وبیشتر سچ کو برداشت کرنے کا حوصلہ ہی نہیں رکھتے سچ سننا، سچ بولنا اور سچ کہنے کا یارا کسی کسی کو ہے۔ ایسی باتیں سن کر درویش کے دل پر کیا گذرتی یہ سوچنا بھی محال ہے لیکن حکمرانوں کے وزیروں، مشیروں، معاونین، ارکان اسمبلی اور ان کے سینکڑوں ہزاروں کو ارڈی نیٹروں کا کیا بنے گا جن کی کل کمائی کا انحصار ہی حکومت کی ہر غلط بات کا دفاع اور مرے پہ سو درے کے مصداق اپنے جناتی طرز عمل اور اس کا دفاع پر اصرار کرنا ہی ہے۔ صرف ایک اسی طرز عمل کی وجہ سے حکومتی صفوں میں جاہل قطار اندر قطار تن کر کھڑے ہیں اور سچ پوچھئے یہی مسائل کا اصل سبب ہیں شاہ سے زیادہ شاہ کے وفادار کبھی سچی بات نہیں کرتے کہ اللہ انہیں ایسا کرنے کی توفیق ہی نہیں بخشتا۔ ہم دیکھیں غور کریں تو احساس ہوگا اس معاشرے میں قدم قدم پر ہمارا واسطہ روزانہ ان گنت جاہلوں سے پڑتا رہتا ہے اور جاہل بھی اس قدر جاہل کہ حیرت ہوتی ہے دنیا کی قیامت خیز ترقی، نت نئی ایجادات، شعور وآگہی فہم وفراست کا بڑھتا ہوا رجحان، حالات اور ذہنوں میں آنے والی تبدیلی کا بھی ان پر کوئی اثر نہیں ہوا وہ اس کے جاہل ہونے میں کوئی شک نہیں ہونا چاہیے جہالت ذہنی رویے بدل کر رکھ دیتی ہے جب درویش نے کہا اپنی غلط بات پر اصرار کرنا سب سے بڑی جہالت ہے تو فوراً دل میں خیال آیا کہ اس کا ایک مطلب یہ بھی ہے کہ جاہل کبھی اپنی اصلاح کرنا نہیں چاہتا جھوٹے، مکار، دروغ گو اور انتہا پسندوں کا بھی تو جاہلوں کے خاندان سے تعلق گہرا ہے سچی بات یہ ہے حسب نسب پر موقوف نہیں ایسے لوگ معاشرہ میں افراط سے پائے جاتے ہیں جنہیں کچھ کچھ نشانیوں کا ادراک ہو جائے انہیں ایک چھوڑ ہزار جاہل مل سکتے ہیں دل ودماغ کے دریچے کھول کر غور کریں تو کسی کی بات سن کر دل گواہی دے دیتا ہے کون جاہل ہے کون نہیں؟ جاہلوں کی سب سے بڑی کھیپ پہلے بادشاہوں کے درباروں میں ہوتی تھی مسخرے اور ہاں میں ہاں ملانے والے اور شاہ سے زیادہ شاہ کے وفادار یا پھر حکمرانوں کے مصاحب جو بات بے بات پر اتراتے پھرتے ہیں۔ آج کی مہذب دنیا میں اس قسم کے لوگ سیاستدانوں اور انکے حواریوں میں پائے جاتے ہیں

بنا ہے شاہ کا مصاحب پھرے ہے اتراتا
وگرنہ شہر میں غالب کی آبرو کیا ہے؟

اس معاشرے میں قدم قدم پر ہمارا واسطہ روزانہ جاہلوں سے پڑتا رہتا ہے اور جاہل بھی اس قدر جاہل کہ حیرت ہوتی ہے دنیا کی قیامت خیز ترقی، نت نئی ایجادات، شعور وآگہی فہم وفراست کا بڑھتا ہوا رجحان، حالات اور ذہنوں میں آنے والی تبدیلی کا بھی ان پر کوئی اثر نہیں ہوا اس سے زیادہ جہالت کا اور کیا ثبوت ہو سکتا ہے۔

محکمہ پولیس اندرونی سیاست کا شکار

یونس ہاشم

پنجاب پولیس اور بیوروکریسی میں رسہ کشی اور "لیگ پولنگ" عروج پر، کوئی بھی افسر ایک جگہ ٹک کر کام کر نہیں کر سکتا، اسی رسہ کشی کے باعث پولیس افسران اور بیوروکریسی کے تقرر وتبادلوں کا سلسلہ بھی جاری رہتا ہے۔ پنجاب پولیس اور بیوروکریسی میں اس وقت کئی گروپ کام کر رہے ہیں، ان گروپس میں کئی افسران وزیراعلیٰ پنجاب کو اور کئی افسران آئی جی پولیس اور چیف سیکرٹری کو سپورٹ کرتے ہیں، پولیس میں وزیراعلیٰ پنجاب کے ایک پی ایس او عاطف نذیر وزیراعلیٰ کی ٹیم کے حامی ہیں جبکہ پی ایس او مبشر میکن آئی جی پولیس کی ٹیم کے حامیوں میں شامل ہیں جبکہ دوسری جانب میجر (ر) اعظم سلیمان خان گروپ، جواد رفیق ملک گروپ، طاہر خورشید گروپ، روحانی گروپ اور ڈی ایم جی نون گروپ بھی فعال ہیں، مذکورہ گروپس آپس میں ایک دوسرے کی ٹانگیں کھینچتے رہتے ہیں اور وزیراعلیٰ کو ایک دوسرے کی شکایتیں بھی لگاتے رہتے ہیں۔

آئی جی پولیس کی ٹیم میں شامل زیادہ تر افسران کا تعلق نون لیگ کے حامیوں میں شامل ہے، آئی جی پولیس پنجاب نے اپنی ٹیم کے خاص افسران کو ہدایت کر رکھی ہے کہ وہ حکمران جماعت اور اس کے اتحادیوں کے اہم عہدیداروں اور اسمبلی ممبران کا خاص خیال رکھیں تاکہ ان کے خلاف کسی کو وزیراعلیٰ کے ہاں شکایت کرنے کا موقعہ نہ مل سکے تاہم آئی جی پولیس کے حامی افسران بڑے سمجھ دار اور انتہا کے عقلمند ہیں انہوں نے حکمران جماعت اور اس کے اتحادیوں سمیت نون لیگ کے حامیوں کو بھی پورا پروٹوکول دے رکھا ہے تاکہ نون لیگ کے آنے پر بھی انہیں پریشانی نہ ہو جبکہ وزیراعلیٰ پنجاب یہ چاہتے ہیں کہ تمام آفیسر عمران خان کے ویژن کے مطابق میرٹ کا خاص خیال رکھیں، چاہے سفارشی کا تعلق حکمران جماعت سمیت کسی بھی جماعت سے ہو فلاط کام نہ کیا جائے۔ آئی جی پولیس پنجاب پی ٹی آئی سمیت کسی بھی اتحادی جماعت کو ناراض نہیں کرنا چاہتے وہ اپنی مدت ملازمت ہر صورت بطور آئی جی پولیس مکمل کرنا چاہتے ہیں۔

سب سے افسوس ناک صورتحال یہ ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب اور بیوروکریسی میں مکمل طور پر ہم آہنگی نہیں پائی جاتی جس سے اداروں میں تصادم کی فضا قائم ہے، مبصرین اسے وزیراعلیٰ پنجاب کی ناکامی قرار دے رہے ہیں۔ درحقیقت اداروں کی تباہی کا سبب قابل افسران کو فیلڈ میں تعینات کرنے کی بجائے دفاتر میں بٹھا دیا گیا ہے بہت سارے ایسے افسران بھی ہیں جن کے ساتھ نون لیگ اپنے دور اقتدار میں ناانصافی کرتی رہی اور اب پی ٹی آئی کے دور میں بھی ان کے ساتھ ناانصافی کا عمل جاری ہے یہ ہی وجہ ہے کہ اداروں میں سیاسی مداخلت کے بڑھ جانے سے ادارے تباہ ہو کر رہ گئے ہیں۔ کوئی اپنی مدت ملازمت پوری کرنے کے چکر میں اور کوئی پوسٹنگ ٹرانسفر کے چکر میں لگا ہوا ہے، ادارے کی سربلندی کی کسی کو پرواہ نہیں لیکن تاریخ کسی کو معاف نہیں کرتی جاوید اقبال کے پاکستان میں بطور آئی جی پولیس کام کرنے سے آج بھی ہر کوئی ان کی تعریف کرنے پر مجبور ہے جبکہ مشتاق سکھیرا کی تعیناتی نے ادارے کا جو بیڑا غرق کیا اسے بھی کوئی بھولنے کو تیار نہیں، کیپٹن عارف نواز کی کمانڈ پر جو افسر بھی فورس اور دیگر آفیسر کے لیے کسی قہر سے کم نہیں موجودہ آئی پولیس کو بھی ایسے کام کرنے چاہئیں کہ ادارے کا سر فخر سے بلند رہے سابق سی سی پی او لاہور پی اے ناصر کو بھی کئی ایک تجزیہ نگاروں نے بڑا تنقید کا نشانہ بنایا تھا مگر انھوں نے کسی کی پرواہ کیے بغیر اپنا کام جاری رکھا اور بلیک میلنگ میں نہیں آئے

(جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

دو معروف براڈ کاسٹرز

دو معروف صداکار ایک ریڈیو اے بخاری جن کا پورا نام ذوالفقار علی بخاری تھا، وہ 1904ء میں پشاور میں پیدا ہوئے تھے۔ بخاری صاحب کو بچپن ہی سے اسٹیج ڈراموں میں کام کرنے کا شوق تھا چنانچہ انہوں نے پہلی مرتبہ شملہ میں امتیاز علی تاج کے مشہور ڈرامے "انارکلی" میں سلیم کا کردار ادا کیا اور خوب داد تحسین حاصل کی۔ اس ڈرامے کے پروڈیوسر بھی وہ خود ہی تھے۔ 1936ء میں جب آل انڈیا ریڈیو کا قیام عمل میں آیا تو بخاری صاحب ریڈیو سے منسلک ہو گئے پھر ان کا یہ ساتھ زندگی بھر جاری رہا اور بخاری صاحب اور ریڈیو ایک دوسرے کے لیے لازم وملزوم بن گئے۔

1938ء میں بخاری صاحب نشریات کی تربیت حاصل کرنے لندن گئے۔ 1940ء میں وہ جوائنٹ براڈ کاسٹنگ کونسل لندن سے منسلک ہوئے اور اسی زمانے میں انہوں نے بی بی سی سے اردو سروس شروع کی۔ لندن سے واپس آ کر بمبئی اور کلکتہ ریڈیو اسٹیشن کے ڈائریکٹر مقرر ہوئے قیام پاکستان کے بعد بخاری صاحب ریڈیو پاکستان کے پہلے ڈائریکٹر جنرل مقرر ہوئے۔ نومبر 1967ء میں کراچی میں ٹیلی ویژن اسٹیشن قائم ہوا تو وہ اس کے پہلے جنرل منیجر مقرر ہوئے۔

بخاری صاحب کو شعر وادب سے شغف ورثے میں ملا تھا۔ ان کے والد اسد اللہ شاہ بخاری صاحب دیوان نعت گو شاعر تھے۔ بڑے بھائی پطرس بخاری اردو کے صاحب طرز ادیب اور ماہر تعلیم تھے۔ پھر بخاری صاحب کو ابتدائی سے اچھے شاعروں کی صحبت میسر آئی جن میں حسرت موہانی، علامہ اقبال، یاس یگانہ چنگیزی، نواب سائل دہلوی اور وحشت کلکتوی جیسے اساتذہ فن شامل تھے۔ عربی میں آپ نے مولانا عبدالعزیز میمن اور فارسی میں مولانا شاداب جلگرامی سے کسب فیض کیا۔ ان تمام عوامل نے بخاری صاحب کی شخصیت کی جلا میں بڑا اہم کردار ادا کیا۔

بخاری صاحب ایک اعلیٰ ماہر نشریات ہی نہیں بلکہ ایک بلند پایہ صداکار بھی تھے۔ انہوں نے بمبئی میں بھیجے خان بن کر اور کراچی میں جمعہ خان جمعہ بن کر صداکاری کے جوہر دکھائے وہ سننے والوں کے دلوں میں ہمیشہ یادگار رہیں گے۔ انہوں نے ریڈیو کے متعدد ڈراموں میں بھی صداکاری کی جن میں سب سے زیادہ شہرت "لائٹ ہاؤس کے محافظ" نے حاصل کی۔ مرثیہ خوانی اور شعر خوانی میں بھی ان کا انداز یکتا تھا۔ خود بھی شعر کہتے تھے اور موسیقی سے بھی گہرا شغف رکھتے تھے۔ فارسی، اردو، پنجابی، پشتو، بنگالی، برمی اور انگریزی زبان پر مکمل عبور رکھتے

دوسرے براڈ کاسٹر کا نام آغا ناصر 9 فروری 1937 کو میرٹھ میں پیدا ہوئے تھے۔ 1955 میں وہ ریڈیو پاکستان اور 1964 میں پاکستان ٹیلی وژن سے وابستہ ہوئے۔ ریڈیو پاکستان میں ان کے کریڈٹ پر جو پروگرام ہیں ان میں اسٹوڈیو نمبر 9 اور حامد میاں کے ہاں جبکہ پاکستان ٹیلی وژن میں الف نون، تعلیم بالغان اور الیکشن 1970 کی براہ راست نشریات شامل ہیں۔ ریڈیو پاکستان، پاکستان ٹیلی وژن، شالیمار ریکارڈن

شال بقیہ 1

گزشتہ روز ڈویژنل شیخ نے بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن اور پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی جانب سے دائر آئینی درخواستوں کی سماعت کے موقع پر دیئے۔ اس موقع پر درخواست گزاروں کے وکلاء میر عطاء اللہ لانگو ایڈووکیٹ، نصیب اللہ ترین ایڈووکیٹ، ایڈووکیٹ جنرل ارباب طاہر ایڈووکیٹ، طلباء تنظیموں کے منیر جالب بلوچ، ملک عمر کاکڑ، نصیر تنگیانی، بایزید خان، عالمگیر خان مندوخیل ودیگر بھی موجود تھے۔ درخواست گزار کے وکیل میر عطاء اللہ لانگو ایڈووکیٹ نے عدالت کو بتایا کہ گزشتہ سماعت کے موقع پر عدالتی احکامات کے باوجود تاحال آن لائن کلاسز سے متعلق کوئی پیشرفت نہیں ہوئی ہے 15 دن گزر جانے کے باوجود اسٹیک ہولڈرز کی میٹنگ نہیں ہوئی بلکہ حکومت صرف وقت ضائع کررہی ہیں 20 جولائی کو جامعات کی طرف سے امتحانات کا اعلان کیا گیا ہے حالانکہ طلباء وطالبات کی کوئی تیاری نہیں ہے پھر کیسے وہ امتحان دے سکتے ہیں، انہوں نے کہا کہ مزید مہلت دینا صرف وقت کا ضیاع ہے اس لئے معزز عدالت متعلقہ حکام کو سخت ہدایات جاری کریں تاکہ مسئلے کا جلد سے جلد حل ڈھونڈا جاسکے کیونکہ انتظامیہ اور حکومت کی طرف سے تاخیری حربے استعمال کرنے سے طلباء وطالبات کا قیمتی وقت ضائع ہورہا ہے۔ جبکہ نصیب اللہ ترین ایڈووکیٹ نے عدالت کو بتایا کہ 6 ماہ سے یونیورسٹیز بند لیکن اس کے باوجود جامعات کی طرف سے ہاسٹل، امتحانات، لائبریری اور دیگر مدات میں فیسیں وصول کی جارہی ہے جس پر چیف جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیئے کہ صوبے کی جامعات کو اپنے معاملات چلانے کے لئے وسائل کی ضرورت ہوتی ہے آن لائن کلاسز سے متعلق اسٹیک ہولڈرز فیصلہ کرسکتے ہیں یہ ہمارا ڈومین نہیں متعلقہ محکمے اور جامعات کو میٹنگ کرنے دیں سماعت کے دوران ایڈووکیٹ جنرل نے آن لائن کلاسز کے انعقاد اور فیسز کی وصولی کے طریقہ کار سے متعلق رپورٹ جمع کرانے کیلئے مہلت طلب کرلی اور کہا کہ کوئی مختصر مہلت دیدی پیشرفت رپورٹ دیں گے، چیف جسٹس نے سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کے وکیل سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ آپ کوئٹہ میں بیٹھے ہیں اندرون صوبہ کتنے علاقوں میں انٹرنیٹ نہیں ہے ہمارے اپنے بچے پڑھ رہے ہیں انہیں بھی مشکلات کا سامنا ہے جسٹس جمال مندوخیل نے ایڈووکیٹ جنرل کو ہدایت کی کہ تمام اسٹیک ہولڈرز کا میٹنگ جس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ، سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن، جامعات کے وائس چانسلرز اور ایچ ای سی کے صوبائی نمائندے شامل ہوں میٹنگ کرکے مسئلے کا حل نکالیں اور مذکورہ میٹنگ کے منٹس اگلے سماعت پر عدالت میں پیش کرے۔ بعدازاں بینچ نے آئینی درخواستوں کی سماعت 22 جولائی تک کیلئے ملتوی کردی۔

شال بقیہ 2

نے اجلاس میں شرکت کی، اجلاس میں کوئٹہ شہر میں رہائشی علاقوں میں تجارتی عمارتوں کی تعمیر سے پیدا ہونے والی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا گیا اور اس حوالے سے میٹروپولیٹن کارپوریشن اور کوئٹہ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے متعلقہ قواعد وضوابط میں ترامیم کے لئے قانون سازی کا فیصلہ کیا گیا جبکہ اندرون شہر رہائشی مکانات کی تجارتی پلازوں میں تبدیلی پر فوری طور پر پابندی عائد کرنے کی منظوری دی گئی اور اس عمل کو کیو ایم سی اور کیو ڈی اے کے قوانین میں ترمیم اور ان اداروں کی جانب سے این او سی کے اجراء کے ساتھ ساتھ شہر کی لینڈ زوننگ کی تکمیل سے مشروط کرنے کا فیصلہ کیا گیا، اجلاس میں کوئٹہ بیچ کے تحت تعمیر ہونے والی نئی سڑکوں جن میں سریاب، قمبرانی، نواں کلی، سبزل، ریڈیو پاکستان، نواں کلی بائی پاس، بنہ، جواہرات روڈ، پرنس روڈ اور پیل روڈ شامل ہیں پر نئی تعمیرات پر فوری طور پر پابندی عائد کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا اور کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو پابندی پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی، اس ضمن میں سیکرٹری بلدیات کی سربراہی میں کمیٹی بھی تشکیل دی گئی جو نئی سڑکوں کی لینڈ زوننگ کرتے ہوئے تجارتی عمارتوں کی تعمیر کے لئے قواعد وضوابط مرتب کرے گی، اجلاس میں کوئٹہ شہر میں بلڈنگ کوڈ پر عملدرآمد کی خلاف ورزی کرتے ہوئے تجارتی عمارتوں اور پلازوں کی تعمیر کا بھی سختی سے نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ اداروں کو ایسی عمارتوں کے خلاف کارروائی کرنے کی ہدایت کی گئی، اجلاس میں نئی شعبہ کی پاؤسنگ اسکیموں کو این او سی کے اجراء کے طریقہ کار کا جائزہ بھی لیا گیا، ڈی جی کیو ڈی اے نے اجلاس کو اس حوالے سے بریفنگ دی، اجلاس میں ڈی جی کیو ڈی اے کو پاؤسنگ اسکیموں کو این او سی کے اجراء کے طریقہ کار کو ریگولیٹ کرنے کی ہدایت کی گئی تاکہ ان اسکیموں کو نکاسی آب، بجلی، پانی اور سڑکوں جیسی بنیادی سہولتوں کی فراہمی کا پابند کیا جاسکے جس سے عوامی شکایات کا ازالہ ممکن ہوسکے گا۔

شال بقیہ 3

رپورٹ ہوئے ہیں جو کہ گزشتہ تین ماہ میں ایک دن میں آنے والے سب سے کم کیس ہیں بیچ کوئٹہ سے 5، بیچ اور قلعہ سیف اللہ سے ایک ایک کیس رپورٹ ہوا جس کے بعد اب تک متاثر افراد کی تعداد 11192 ہوگئی ہے جبکہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 214 مزید مریضوں کے صحت یاب ہونے کے بعد اب تک صحت یاب ہونے والوں کی تعداد 7812 ہوگئی ہے جس کے بعد صوبے میں کورونا وائرس کے صرف 3254 ایکٹو مریض موجود ہیں، رپورٹ کے مطابق بیچ کوصوبے میں 204 افراد کے کورونا وائرس کے ٹیسٹ کئے گئے جس کے بعد مجموعی طور پر ٹیسٹ کئے جانے والے افراد کی تعداد 53864 ہوگئی ہے۔

شال بقیہ 4

سے مس نہیں ہورہے، بلوچستان نیشنل پارٹی 18 ویں ترمیم کو رول بیک کرنے کی سخت مخالفت کررہی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایوان بالا میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی نے کہا ہے کہ آئین کے آرٹیکل 160 پر بحث کی جارہی ہے نیز پارٹی لیڈر پر بیٹھے لوگوں میں برداشت ہونی چاہیے یہ پہلے اپوزیشن بینچز پر بیٹھے ہوتے تھے ان سے بھی یہاں بیٹھنے والوں میں ایک برداشت ہوا کرتی تھی آج ان میں برداشت کا مادہ ختم ہوچکا ہے یہاں بولنے کا حق ہے اور نیز پارٹی لیڈر پر بیٹھے لوگوں کو مل سے ان کی بات سننی چاہیے انہوں نے کہا کہ دور اندیش اور تعلیم یافتہ سیاسی جماعتیں یہ حماقت کرہی نہیں سکتی کہ اٹھارویں ترمیم کو ڈیزول یا رول بیک کیا جائے یہ ایک ضرورت ہے بلوچستان نیشنل پارٹی کا تو یہ موقف ہے کہ اٹھارویں ترمیم میں بہت ساری چیزیں کم ہیں ابھی بہت سی چیزیں شامل کرنی چاہیے فیڈریشن اور صوبوں کے درمیان اٹھارویں ترمیم کے بدولت ہم آہنگی آئی ہے اور ایک خوبصورت ماحول بن گیا پتہ نہیں کیوں صوبوں کو ایک بار پھر ون یونٹ کی طرف پھینک کر ایک دوسرے کو آپس میں دست وگریباں کرنا چاہتے ہیں نان ایشوز کو ایشوز بنا کر یہاں پیش کرنا اور اس

شال بقیہ 5

ہائیر ایجوکیشن کمیشن کی جانب سے بلوچستان کی جامعات کو فنڈز کی فراہمی میں کٹوتی کی جارہی ہے جس کی وجہ سے گزشتہ پانچ سالوں سے صوبے کے جامعات کے فنڈز میں ڈیڑھ سو ملین کا فرق آرہا ہے اور ہمارے ڈیمانڈ پورے نہیں کئے جارہے، سماعت کے موقع پر ہائیر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد کے نمائندے خالد نے بتایا کہ پیسے نہیں کام کرنے سے جامعات کی کارکردگی بہتر ہوتی ہے مگر بلوچستان کی جامعات پرفارمنس کی بجائے صرف پیسے طلب کرتی ہے ہم تمام یونیورسٹیوں کو ایک نظر سے دیکھتے ہیں، ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل ظہیر بلوچ نے عدالت میں موقف اپنایا کہ بلوچستان کے جامعات کی کارکردگی ملک کے دیگر جامعات کے برابر ہے ایچ ای سی کے نمائندے بلوچستان کے معزز اساتذہ کرام اور جامعات کو فنڈز کی فراہمی سے متعلق غلط بیانی سے کام لے رہے ہیں، ہائیر ایجوکیشن کمیشن ملک بھر کی جامعات کو ایک نظر سے دیکھیں اس موقع پر چیف جسٹس جمال خان مندوخیل نے ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ ہائیر ایجوکیشن کمیشن جامعات کو پیسے اور گرانٹ ان ایڈ تو دیتی ہے مگر ان پر چیک اینڈ بیلنس نہیں رکھتی تعلیم اب صوبائی معاملہ ہے، بلوچستان یونیورسٹی انتظامیہ کی نااہلی ہے کہ ضرورت سے زیادہ کلاس فور کے ملازمین رکھے گئے ہیں مگر وہ ڈیوٹیاں نہیں کرتے جبکہ صوبائی حکومت کی کارکردگی کا عالم یہ ہے کہ اپنی کمشنرز آنکھیں بند کرکے ایک چٹ پر لوکل وڈومیسائل سرٹیفکیٹ جاری کرتے ہیں اس لئے حکومت کو اپنے گریباں میں دیکھنا چاہیے اور لائی یونیورسٹی کے وائس چانسلر نے ہائیر ایجوکیشن کمیشن کی جانب سے کتنے سکالرشپس حاصل کئے ہیں اس سارے معاملے میں وائس چانسلر کی غفلت نمایاں ہے۔

شال بقیہ 6

بہتری لانے ہے تاکہ عوام کو بہترین شہری سہولیات کی فراہمی ممکن ہوسکے جرائم کی روک تھام کیلئے کوئٹہ پولیس کو نمایاں کردار ادا کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ اسٹریٹ کرائم کے تدارک کیلئے پولیس کو مزید بہتر سہولیات فراہم کی جارہی ہیں محلے اور سماج کی کمی کو پورا کرنے کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ مزید برآں صوبائی وزیر داخلہ نے محکمہ پی ڈی ایم اے آفس، کنٹرول روم، اور کال سینٹر، اور پی ڈی ایم اے ویئر ہاس کا اچانک دورہ کیا۔ دورہ کے دوران صوبائی وزیر داخلہ و پی ڈی ایم اے نے مختلف امور کا جائزہ لیتے ہوئے غفلت برتنے والے 3 ملازمین کو معطل کردیا بعد ازاں صوبائی وزیر داخلہ نے کوئٹہ کے مختلف تھانوں کا بھی دورہ کیا۔ دورے کے دوران صوبائی وزیر تھانوں میں پولیس اہلکاروں کی حاضری، شکایات رجسٹر، اہلکاروں کی عملی وردی اور دیگر امور کا معائنہ بھی کیا اس موقع پر صوبائی وزیر داخلہ نے تھانوں میں ناقص صفائی پولیس اہلکاروں کی وردی ٹوپی پر سخت برہمی کا اظہار کیا اور ہدایت کی کہ پولیس اہلکار اپنے فرائض کو بہتر انداز میں سرانجام دینے کے لیے بہتر انداز اپنائیں انہوں نے کہا کہ پولیس عوام کی خدمت کے لیے دن رات کوشاں رہے ہیں اور عوام کو تحفظ فراہم کرنا اولین ذمہ داری ہے جس سے عوام میں پولیس کا سر وار بلند بحال ہوگا۔

شال بقیہ 7

کوئی حق حاصل نہیں ہے حکومت صوبے میں عوام کی حفاظت کیلئے افواج پاکستان کو ہر ممکن مدد اور سپورٹ فراہم کرنے کیلئے اقدامات کررہی ہے اور کرتی رہیگی انہوں نے کہا کہ کے پی کے قبائلی ایریا اور بلوچستان میں امن وترقی دشمنوں کو صوبوں میں حکومت کے جانب سے ترقیاتی منصوبے ہضم نہیں ہورہے اور وہ عوام اور صوبے کی ترقی کے دشمن ہیں اس لیئے وہ رات یا پھر چھپ کر ہمارے فوجیوں کو ٹارگٹ کررہے ہیں جنکا ہمارے فورسز نے ہمیشہ بہادری جوانمردی اور ہمت کے ساتھ منہ توڑ جواب دیا ہے جس پر ہمیں فخر ہے انہوں نے کہا کہ عوام اور حکومت کو اس طرح کے بزدلانہ حملوں سے کسی صورت ڈرایا دھمکایا نہیں جاسکتا حکومت اور عوام کا عزم اس مزید پختہ ہوتا جارہا ہے انہوں نے پاک فوج کے اہلکاروں کی شہادت کے لیئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ وہ تمام کی شہادتیں قبول فرمائے اور انکے ورثاء کو صبر جمیل نصیب فرمائے۔

شال بقیہ 8

حکمرانی عوام اور اس کے منتخب پارلیمنٹ کا ہوگی اسٹیبلشمنٹ کی نہیں ہوگی انہوں نے کہا کہ یہاں آئین وقانون کی حکمرانی ہونی چاہیے پہلے یہاں نہ پشتون نہ بلوچ نہ دوسرے مطمئن تھے وہ مطالبہ کررہے تھے کہ فیڈریشن کو تباہ کیا جارہا ہے اٹھارہویں ترمیم کیلئے سیاسی جماعتوں نے 6 ماہ سے لیکر ایک سال تک اس پر محنت کی اور پھر اٹھارہویں ترمیم پاس ہوا جس کی برکت سے وہ صوبے جو حقوق کا مطالبہ کررہے تھے وہ آج معمولی طور پر ڈیفلس ہوگئے 17 سیکٹیٹ ڈی وال کئے گئے اسی دن صوبوں کے حقوق میں مداخلت شروع ہوگئی کورونا اور ٹڈی دل دونوں ڈیوال ہوچکے پھر کیوں اس میں مداخلت کی گئی وفاق نے ہیلتھ فوڈ سیکورٹی دوبارہ قائم کی گئی مگر سی ای اے کے دفتر تک کو نہیں چھوڑا گیا صدارتی نظام ہمیں کسی بھی صورت منظور نہیں انہوں نے کہا کہ یہاں اسٹیبلشمنٹ کے چیف نے کہا کہ اس حکومت کو اس لئے مسلط کیا گیا ہے کہ اٹھارہویں ترمیم میں ترمیم کرنا ہوگا۔

شال بقیہ 9

سیکرٹری جنرل وسینیٹر منظور احمد کاکڑ نے انجمن تاجران بلوچستان اور آل بلوچستان ریسٹورنٹس اینڈ ہوٹلز کے نمائندوں جن میں رحیم آغا، حاجی اللہ داد ترین، عباس صادق کاسی، تنویر کاکڑ، جعفر خان کاکڑ پر مشتمل کمیٹی سے مذاکرات کئے اور یقین دہانی کرائی کہ ان کے مطالبات وزیراعلیٰ بلوچستان تک پہنچائے جائیں گے جس پر انجمن تاجران بلوچستان کی جانب سے دھرنا ختم کردیا گیا تاہم 24 گھنٹوں میں مذاکرات کی ناکامی اور مطالبات کے حل نہ ہونے کے خلاف آج دوبارہ 2 بجے بلوچستان اسمبلی کے سامنے دھرنا دینے کا بھی اعلان کیا۔ بعدازاں سینیٹر منظور احمد کاکڑ نے دھرنے کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے سینیٹر منظور احمد کاکڑ نے کہا کہ دھرنا ختم کرکے باہمی مشاورت سے تمام مسائل کے حل کی کوشش کریگے تاجروں کے تمام مطالبات جائز ہیں تاہم میں وزیراعلیٰ بلوچستان سے اس سلسلے میں بات کروں گا امید ہے کہ حل نکل آئیں، ایس او پیز کا تاجر کاروبار سب کا حق ہے، اس موقع پر دھرنے کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا، جنرل سیکرٹری حاجی اللہ داد ترین نے شرکاء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دھرنا سینیٹر منظور احمد کاکڑ کی یقین دہانی

پر اپوزیشن کو دو کلائمیٹز اور ان پر پریشر ڈالنا کہ آپ نے یہ تمام چیزیں ماننی ہے تو میں آپ کو نہیں چھیڑوں گا زیادتی کی انتہاء ہوتی جارہی انہوں نے کہا کہ این ایف سی ایوارڈ پر کچھ حد تک اتفاق کرلیتے ہیں لیکن یہ ظلم زیادتیاں برداشت نہیں کرسکتے۔

شال بقیہ 5

ہائیر ایجوکیشن کمیشن کی جانب سے بلوچستان کی جامعات کو فنڈز کی فراہمی میں کٹوتی کی جارہی ہے جس کی وجہ سے گزشتہ پانچ سالوں سے صوبے کے جامعات کے فنڈز میں ڈیڑھ سو ملین کا فرق آرہا ہے اور ہمارے ڈیمانڈ پورے نہیں کئے جارہے، سماعت کے موقع پر ہائیر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد کے نمائندے خالد نے بتایا کہ پیسے نہیں کام کرنے سے جامعات کی کارکردگی بہتر ہوتی ہے مگر بلوچستان کی جامعات پرفارمنس کی بجائے صرف پیسے طلب کرتی ہے ہم تمام یونیورسٹیوں کو ایک نظر سے دیکھتے ہیں، ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل ظہیر بلوچ نے عدالت میں موقف اپنایا کہ بلوچستان کے جامعات کی کارکردگی ملک کے دیگر جامعات کے برابر ہے ایچ ای سی کے نمائندے بلوچستان کے معزز اساتذہ کرام اور جامعات کو فنڈز کی فراہمی سے متعلق غلط بیانی سے کام لے رہے ہیں، ہائیر ایجوکیشن کمیشن ملک بھر کی جامعات کو ایک نظر سے دیکھیں اس موقع پر چیف جسٹس جمال خان مندوخیل نے ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ ہائیر ایجوکیشن کمیشن جامعات کو پیسے اور گرانٹ ان ایڈ تو دیتی ہے مگر ان پر چیک اینڈ بیلنس نہیں رکھتی تعلیم اب صوبائی معاملہ ہے، بلوچستان یونیورسٹی انتظامیہ کی نااہلی ہے کہ ضرورت سے زیادہ کلاس فور کے ملازمین رکھے گئے ہیں مگر وہ ڈیوٹیاں نہیں کرتے جبکہ صوبائی حکومت کی کارکردگی کا عالم یہ ہے کہ اپنی کمشنرز آنکھیں بند کرکے ایک چٹ پر لوکل وڈومیسائل سرٹیفکیٹ جاری کرتے ہیں اس لئے حکومت کو اپنے گریباں میں دیکھنا چاہیے اور لائی یونیورسٹی کے وائس چانسلر نے ہائیر ایجوکیشن کمیشن کی جانب سے کتنے سکالرشپس حاصل کئے ہیں اس سارے معاملے میں وائس چانسلر کی غفلت نمایاں ہے۔

شال بقیہ 10

میں انہوں نے کہا کہ 13 جولائی 1931 کو 22 کشمیریوں نے جام شہادت نوش کیا۔ صدر نے کہا کہ ڈوگرہ راج اور اب بھارت کے غاصبانہ قبضہ کے خلاف کشمیریوں کی جدوجہد کو سلام پیش کرتے ہیں۔ ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ وہ دن دور نہیں جب کشمیر کی آزادی کا سورج طلوع ہوگا۔ ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں آج بھی کشمیری اپنے حق خود ارادیت کے لئے اپنی جانیں قربان کررہے ہیں۔ صدر نے کہا کہ پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ کشمیری گزشتہ سال کی 5 اگست سے بھارتی فوج کے محاصرے میں ہیں۔ صدر نے کہا کہ عالمی برادری کی کشمیر میں بھارتی مظالم پر خاموشی افسوس ناک ہے۔ ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں بھارتی بربریت اور بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں رکوانے کے لئے کردار ادا کرے۔

شال بقیہ 11

کشمیر بھارت کے قبضے سے آزاد ہوگا۔ پیر کو یوم شہدائے کشمیر پر جاری بیان میں وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ پاکستان کشمیریوں کے استصواب رائے کے حق کیلئے ثابت قدمی سے کھڑا ہے اور پاکستان مقبوضہ کشمیر کی بھارت سے آزادی تک کشمیریوں کی جائز جدوجہد کی حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کی آزادی کا دن دور نہیں، کشمیریوں کے آباؤ اجداد نسل در نسل سے آزادی کیلئے جانیں قربان کرتے آئے ہیں، آج کشمیری جرات سے ہندوتوا بالادستی کے خلاف جدوجہد کررہے ہیں، ہندوتوا بالادستی کا مقصد آبادی میں تناسب تبدیل کرکے کشمیریوں کا صفایا کرنا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہندوتوا بالادستی کا مقصد کشمیریوں کی شناخت مٹانا ہے، یوم شہدائے کشمیر پر بھارتی قبضے کے خلاف کشمیریوں کی جدوجہد کو سلام پیش کرتا ہوں، موجودہ کشمیری مزاحمت 13 جولائی 1931 کے شہدا کی جدوجہد کا تسلسل ہے۔

شال بقیہ 12

سیکٹرز میں 57 سالہ نسیمہ بی بی زوجہ فضل محمد، 35 سالہ شبنم بی بی زوجہ محمد قسیم، 11 سالہ ادیبہ دختر محمد قسیم، 20 سالہ عادل حمید ولد محمد حمید، 32 سالہ پرویز ولد محمد دین اور 35 سالہ جاوید حسین ولد محمد حسین شدید زخمی ہوگئے زخمیوں کا تعلق کرنی، نجوٹ بہادر اور بنگل پال دیہات سے ہے۔ بھارتی قابض فوج ایل او سی اور ورکنگ باؤنڈری پر عام شہری آبادی کو آتشی اور بھاری وخودکار ہتھیاروں سے مسلسل نشانہ بنارہی ہے۔ رواں برس 2020ء میں بھارت نے 1659 مرتبہ جنگ بندی کی خلاف ورزی کی ہے جس کے نتیجے میں 14 بے گناہ شہری شہید اور 129 شدید زخمی ہوئے۔ قابض بھارتی افواج کی جانب سے بے گناہ شہری آبادی کو دانستہ نشانہ بنانا انتہائی قابل مذمت ہے۔ بھارت پر زور دیا گیا کہ بے حسی پر مبنی یہ اقدامات 2003 کے جنگ بندی معاہدے، انسانی عظمت ووقار، بین الاقوامی انسانی حقوق وقوانین اور پیشہ وارانہ فوجی طرز عمل کے برعکس اور اس کی صریحاً خلاف ورزی ہے۔ بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزیاں ایل او سی پر کشیدگی بڑھانے کی مسلسل بھارتی کوششوں کا مظہر اور خطے کے امن وسلامتی کے لئے خطرہ ہیں۔ ایل او سی اور ورکنگ باؤنڈری پر کشیدگی میں اضافہ کے ذریعے بھارت اپنے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین ترین خلاف ورزیوں سے توجہ نہیں ہٹا سکتا۔ پاکستان نے بھارت پر زور دیا کہ 2003 کے جنگ بندی سمجھوتے کا احترام کرے، تازہ ترین اور اس سے قبل ہونے والی جنگ بندی کی دانستہ خلاف ورزیوں کے واقعات کی تحقیقات کرائے، ایل او سی اور ورکنگ باؤنڈری پر امن قائم کرے، زور دیا گیا کہ بھارت اقوام متحدہ کے فوجی مبصر گروپ برائے پاکستان اور بھارت کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق تفویض کردہ اپنا کردار ادا کرنے کی اجازت دے۔

شال بقیہ 13

ایسٹ بے ایکسپریس وے کے سائٹ اور چائنیز کمپنی سی سی سی کے کیمپ آفیس کا بھی دورہ کیا اور جہاں انھیں ایکسپریس وے کی تعمیر کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ چیئرمین گوادر پورٹ نے ایکسپریس وے کے مختلف سیکشنز جس میں ڈھوریہ، گزروان اور بلوچ وارڈ کا تفصیلی دورہ کرکے ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا نصیر خان کاشانی کا کہنا تھا کہ گوادر فش ہاربر پر ٹیکسیروں کی کشتیوں کی مرمت کے لیے پارکنگ کرنے کے لیے ٹیکسیروں کی تجویز کردہ متبادل جگہ دی گئی ہے انہوں نے کہا کہ ڈھوریہ کے مقام پر سیوریج کا مسئلہ عارضی طور پر فوری حل کیا جائے انہوں نے ڈھوریہ برج تعمیرات کے لیے متبادل راستے کے حوالے سے بھی احکامات جاری کئے۔ اس موقع پر چیئرمین نے چائنیز کمپنی سی سی سی کو گوادر کے عوام کی فلاح وبہبود کیلئے مختلف سیکٹرز میں ترجیحی بنیادوں پر آگے آنے اور کام کرنے پر بھی زور دیا۔

شال بقیہ 14

تیس ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 15

نوٹس لے۔ پیر کو جاری مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کشمیر میں بھارت کے ہاتھوں شہید ہونے والے مظلوم شہداء کا خون کبھی رائیگاں نہیں جائے گا۔ اسد قیصر نے کہا کہ آزادی کی خاطر کشمیریوں نے لازوال قربانیاں دی ہیں، وہ دن دور نہیں جب کشمیری عوام آزادی کا سورج طلوع ہوتا ہوا دیکھیں گے۔ اسد قیصر نے کہا کہ مسئلہ کشمیر برصغیر کی تقسیم کا نامکمل ایجنڈا ہے جسے حل کیے بغیر جنوبی ایشیاء میں امن کا قیام ناممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 11 ماہ سے کشمیر میں بھارت کی فاشسٹ حکومت کی جانب سے جبری لاک ڈاؤن جاری ہے، کشمیر میں گزشتہ 72 سالوں سے ہزاروں ماؤں کے جگر کے ٹکڑے ان سے چھینے جا چکے ہیں، مقبوضہ کشمیر میں خواتین کی عصمت دری کے واقعات پر انسانی حقوق کی عالمی تنظیموں کی خاموشی افسوس ناک ہے، بھارت کی نام نہاد جمہوری حکومت نے اپنے ہاتھ ہزاروں کشمیری شہداء کے خون سے رنگے ہوئے ہیں۔

شال بقیہ 16

اظہار انہوں نے پیر کو سندھ اسمبلی ہلڈنگ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا

۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت نے پاکستان کی خارجہ پالیسی کو سب سے زیادہ نقصان پہنچایا ہے اور اب ہماری معیشت اور جمہوریت کو جو نقصان پہنچا رہے ہیں، عمران خان کا وزیراعظم رہنا نہ صرف ہمارے جمہوریت، معیشت بلکہ ہر پاکستانی کی زندگی کے لیے خطرہ بن چکا ہے۔ عمران خان کی حکومت نے کشمیریوں کو یتیم اور لاوارث چھوڑ دیا ہے، پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ کشمیر کاز میں صف اول کا کردار ادا کیا ہے۔ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے ہر فورم پر کشمیریوں کا مقدمہ لڑا اور آج بھی ان کی تقریریں کو پاکستان اور کشمیر کے عوام یاد کرتے ہیں۔ سندھ اسمبلی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ جب شہید ذوالفقار علی بھٹو احتجاج کی کال دیتے تھے تو صرف آزاد کشمیر ہی نہیں بلکہ پورا مقبوضہ کشمیر بھی احتجاج میں ساتھ دیتا تھا کیونکہ انہیں پورا اعتماد تھا کہ پاکستان کی قیادت اور پاکستان کے عوام کشمیریوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔

شال بقیہ 17

ٹیلی فون پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ سابق صوبائی وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی کا قیام جب عمل میں لایا گیا تو ہم سب ساتھیوں کو اس جماعت سے بہت سی توقعات تھیں اور اسی لئے ہم نے جام کمال کو اپنا صدر منتخب کیا لیکن کچھ ہی عرصے میں پارٹی کے اندر اختلافات نے جنم لینا شروع کردیا جس کے باعث کئی ساتھی پارٹی معاملات سے دور ہونا شروع ہوئے یہاں تک کہ ہمارے پرانے ساتھی اور سابق وزیر نصیر اللہ مری نے ان تحفظات کی بنیاد پر پارٹی چھوڑ دی جس کے بعد کئی اور لوگ بھی تحفظات کی بنیاد پر یا تو پارٹی معاملات سے دور ہوگئے یا انہوں نے جماعت کو چھوڑ دیا میں نے اور شعیب نوشیروانی نے کئی تحفظات کو مدنظر رکھنے کے باوجود پارٹی کا ساتھ نہیں چھوڑا حالیہ بجٹ میں جہاں وزیراعلیٰ جام کمال خاندان کو بھول گئے اسی طرح سردار صالح بھوتانی کو بھی اپنے حلقہ انتخاب میں نظرانداز کرنے کے حوالے سے تحفظات ہیں پارٹی کے بانی سعید احمد ہاشمی، رقیہ ہاشمی، جان جمالی، فائق جمالی، عاصم کرد گیلو ہمارے ایسے سینئر ساتھی ہیں جنہوں نے پارٹی کیلئے قربانیاں دیں۔

شال بقیہ 18

ہیں، ورلڈ ٹورازم فورم کا اصل مقصد سیاحت کیلئے سرمایہ کاری ہے، ورلڈ ٹورازم فورم کے بعد 6 ماہ تک فنسلفنگ کا سلسلہ جاری رہتا ہے، 5 روزہ فورم میں اہم شخصیات شرکت کرتی ہیں۔ معاون خصوصی نے کہا کہ پاکستان ورلڈ ٹورازم فورم کی اگلے سال میزبانی کریگا، ورلڈ ٹورازم فورم میں 3 دن کانفرنس اور 2 دن سیاحت کیلئے ہوتے ہیں، مذہبی سیاحت بھی ہماری ترجیح ہے جس پر نظرثانی کی جائیگی۔ زلفی بخاری نے کہا کہ پی ٹی ڈی سی کے آپریشنز بند کردیئے تھے، پی ٹی ڈی سی کی جائیدادیں اچھی مگر حالت بہت خراب تھی اور اس کا پرائیوٹ مارکیٹ کیساتھ مقابلہ نہیں کیا جاسکتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اگلے 2 سال میں پاکستان میں 32 نئے تھری اور فوا ستارہ ہوٹلز بنیں گے اور پی ٹی ڈی سی کی عمارتوں کی حالت زار بہتر بنانے کی کوشش کریں گے، سیاحت کیلئے جگہ کو لیز، خرید نے کیلئے ون ونڈو آپریشن کا بھی آغاز کریں گے۔ زلفی بخاری نے کہا کہ 3 سے 4 ہفتے پہلے ایس او پیز اور گائیڈ لائنز کی بک لیٹ بنائے ہیں، این سی او سی سے الرٹ آیا تھا کہ جولائی بہت اہم مہینہ ہے، کورونا کی وجہ سے جولائی میں سیاحت کھولنا مناسب نہیں تھا عید بھی سر پر ہے۔

شال بقیہ 19

شروع ہوئی جب قابض برطانوی حکمرانوں نے کشمیر کو ڈوگرہ راجہ کو بیچ دیا۔ انہوں نے کہا کہ 1931 میں 22 کشمیریوں کی شہادت نے آزادی کی جدوجہد کو نئی قوت بخشی۔ انہوں نے کہا کہ آزادی کی لگن ہر کشمیری کے خون میں شامل ہے۔ شہریار آفریدی نے کہا کہ قابض فوجوں کی جانب سے کیے گئے غیر قانونی مظالم، زیر حراست شہادتیں اور گرفتاریاں کشمیر کی آزادی کی تحریک کو روک نہیں سکتیں۔

شال بقیہ 20

لاک ڈاؤن کی وجہ سے متاثر افراد کو کیش گرانٹس دینا پڑیں، چھوٹے کاروبار کو بحال کرنے کیلئے رعایتیں دینا پڑیں، کورونا کے دوران پاکستان میں ڈیجیٹل ٹرانسفر بڑھا۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان نے کیش گرانٹس بھی ڈیجیٹل ٹرانسفر کیں، کورونا کی وجہ سے پاکستان نے شرح سود کم کیا، کورونا کی وجہ سے پاکستان میں شرح نمو متاثر ہوئی، رواں مالی سال پاکستان کی شرح نمو ایک فی صد رہے گی۔

شال بقیہ 21

نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) حکومت کے 8.5 فیصد جی ڈی پی گروتھ کے مقابلے میں موجودہ حکومت کے دور میں پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار جی ڈی پی گرکر منفی 4.0 کی سطح پر آگئی، اسی طرح بڑے درجے کی صنعتوں اور سروس سیکٹر کی کارکردگی بھی منفی رہی۔ اس موقع پر بزنس فورم کے ممبران نے موجودہ حکومت کی خراب کارکردگی پر اپنے تحفظات کا اظہار کیا۔ میٹنگ میں سابق وزیر تعلیم پنجاب رانا مشہود اور دیگر بزنس مینوں نے بھی شرکت کی۔

شال بقیہ

سرمایہ کاری اور تجارت کے نئے مواقع پیدا ہوئے ہیں، فرمان زرکون

کورونا وائرس سے پیدا ہونیوالی صورتحال میں کافی حد تک بہتری آنے کے بعد کاروباری اور تجارتی سرگرمیوں میں بھی اضافہ ہو رہا ہے

وفاقی اور صوبائی حکومت کی جانب سے اس صورتحال میں سرمایہ کاروں کیلئے خصوصی مراعات دی گئی ہیں' چیف ایگزیکٹو بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ

کوئٹہ' خانی میر لشکری رئیسانی و دیگر شہید میر سراج رئیسانی اور شہداء بلنگوں کی دوسری برسی کے موقع پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

کوئٹہ (ش ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون نے کہا ہے کہ کورونا وائرس سے پیدا ہونیوالی صورتحال میں کافی حد تک بہتری آنے کے بعد کاروباری اور تجارتی سرگرمیوں میں بھی اضافہ ہو رہا ہے، سرمایہ کاری اور تجارت کے نئے مواقع پیدا ہوئے ہیں، سرمایہ کاروں کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان مواقع کی سرزمین ہے اس میں موجود بے پناہ معدنی وسائل، طویل ساحل، گوادر پورٹ اور پاک چین اقتصادی راہداری منصوبے کیوجہ سے اس کی اہمیت میں مزید اضافہ ہوگیا ہے، کووڈ-19 سے عالمی سطح پر تجارتی و اقتصادی سرگرمیاں متاثر ہوئیں تاہم اب صورتحال بہتر ہو رہی ہے اور تجارتی سرگرمیاں بحال ہو رہی ہیں، وفاقی اور صوبائی حکومت کی جانب سے اس صورتحال بقیہ نمبر36 صفحہ3 پر

پاکستان پیپلز پارٹی کسانوں، مزدوروں، غریبوں کی جماعت ہے، نورالدین کاکڑ

نااہل سلیکٹیڈ وزیراعظم اور ان کی سلیکٹیڈ وزرا کی نااہلی کی وجہ سے آج ملکی معیشت کا برا حال ہے

تحریک انصاف کی حکومت مکمل ناکامی سے دوچار ہے، صدر پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے صدر نورالدین کاکڑ اور جنرل سیکرٹری لالا سلطان قریشی نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کی حکومت مکمل ناکامی سے دوچار ہے جس کا اعتراف خود حکومتی وزرا بھی کر رہے ہیں، نااہل سلیکٹیڈ وزیراعظم اور ان کی سلیکٹیڈ وزرا کی نااہلی کی وجہ سے آج ملکی معیشت کا برا حال ہے اور عوام ان کی ناقص پالیسیوں اور مہنگائی کی وجہ سے سخت مشکلات سے دوچار ہیں حکومت اس وقت نااہلوں کے ہاتھوں مکمل طور پر یرغمال ہو چکی ہے، آئے روز نت نئے بحرانوں سے بقیہ نمبر49 صفحہ3 پر

قبائل تنازعات کا حل اولین ترجیح ہے، میر قادر بخش مینگل، بابو محمد انور ودیگر

قلات (آن لائن) قبائل تنازعات کا حل اولین ترجیح ہے، تنازعات کے حل کیلئے مخلصی اور ایمانداری سے مل کر کوشش کرنی چاہیئے تاکہ مسائل حل کرکے بھائی چارگی کو فروغ دے سکیں۔ ان خیالات کا اظہار قبائلی رہنماؤں بقیہ نمبر48 صفحہ3 پر

جام غلام قادر ہسپتال حب کو بہتر بنانے کیلئے اقدامات کیے جائیں گے' دوستین جمالدینی

جام غلام قادر ہسپتال میں ڈاکٹرز زیادہ ہیں اسٹاف کی تعیناتی مناسب طریقے سے نہیں ہو رہی ہیں، سیکرٹری ہیلتھ بلوچستان

لسبیلہ (نامہ نگار) سیکرٹری ہیلتھ بلوچستان دوستین جمالدینی کا جام غلام قادر ہسپتال حب کا دورہ ہسپتال کے آلات کی خرابی پر ہسپتال انتظامیہ کی لاعلمی پر سخت برہم سیکرٹری کی آمد سے قبل ہسپتال انتظامیہ کہ پرچیاں غیر حاضر اسٹاف کو فون کرکے بلایا گیا ایم ایس جام غلام قادر ہسپتال حب سیکرٹری کی آمد کے موقع پر جلد بازی میں ماسک پہننا بھی بھول گئے یہ کے روز سیکرٹری محکمہ صحت بلوچستان دوستین جمالدینی نے جام غلام قادر ہسپتال حب کا تفصیلی دورہ کیا ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ بقیہ نمبر41 صفحہ3 پر

جنگلات و جنگلی حیات کی حفاظت کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے' نیاز خان کاکڑ

محکمہ فاریسٹ اینڈ وائلڈ لائف بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہوتا رہے گا

کوئٹہ (ش ن) بلوچستان فاریسٹ اینڈ وائلڈ لائف بلوچستان کی جانب سے جنگلی حیات کی معلومات کے حوالے سے ایک دن کی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا جس میں پروجیکٹ ڈائریکٹر وائلڈ لائف بلوچستان نیاز خان کاکڑ موٹیویٹنگ اینڈ ایجوکیشن آفیسر نزیر کرد آر ایف او قائم خان کاکڑ اے سی فاریسٹ عطا تارن سوشل سوسائٹی اور مختلف سٹیک ہولڈرز نے شرکت کی اس موقع پر شرکاء نے اپنی اپنی تجاویز بقیہ نمبر42 صفحہ3 پر

وفاقی محتسب آفس کا قیام ایک بہترین اقدام ہے جس سے عوام کو بھرپور ریلیف ملے گی' سعید احمد عمرانی

وفاقی محتسب آفس کے قیام سے وفاقی محکموں کی کارکردگی میں بہتری آئے گی

رخشان (این این آئی) رخشان ڈویژن ہیڈکوارٹر خاران میں وفاقی محتسب ریجنل آفس کا افتتاح کردیا گیا۔ اس موقع پر چیف جسٹس آف فیڈرل شریعت کورٹ محمد نور مسکانزئی، کمشنر رخشان ڈویژن سعید احمد عمرانی، ڈپٹی کمشنر خاران عبدالسلام خان اچکزئی، صوبائی لیگل ایڈوائزر وفاقی محتسب غلام سرور بروہی، ضلعی آفیسران، وکلاء، برادری اور مختلف طبقہ فکر کے لوگ شریک تھے۔ اس سے قبل وفاقی محتسب کے آفس کے لیے جوڈیشل کمپلیکس بقیہ نمبر46 صفحہ3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق 14 جولائی کو 220Kv انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے سرکٹ بریکر پر صبح 10 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک ضروری مرمت کا کام کیا جائے گا جس کے باعث 126 میگاواٹ کی برقی تحت کولوڈ مینجمنٹ بقیہ نمبر47 صفحہ3 پر

شہید وطن میر سراج رئیسانی اور انکے ساتھیوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا' سردار غلام فاروق شیخ

شہید سراج نے جو قربانی دی ہے اسے بلوچستان کی عوام کبھی بھی نہیں بھلا سکتی

اوتھل (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی لسبیلہ کی جانب سے شہید وطن میر سراج خان رئیسانی کی دوسری برسی اوتھل میں سادگی سے منائی گئی، برسی میں بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی رہنماؤں سمیت کارکنوں کی بڑی تعداد میں شرکت، تفصیلات کے مطابق بقیہ نمبر50 صفحہ3 پر

ڈی آئی جی کرائم برانچ وزیر خان ناصر کا اچانک بی ایچ یو ناصر آباد کا دورہ

بی ایچ یو ناصر آباد کے انچارج ڈاکٹر محمد قاسم نے ایچ بی ایچ یو کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کروایا

کوئٹہ (آن لائن) ڈی آئی جی کرائم برانچ وزیر خان ناصر نے اچانک بی ایچ یو ناصر آباد کا دورہ کیا دورے کے موقع پر بی ایچ یو ناصر آباد کے انچارج ڈاکٹر محمد قاسم نے ایچ بی ایچ یو کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کروایا انہوں نے ٹیلی ہیلتھ، ای پی آئی، ایم سی ایچ اور او پی ڈی و دیگر شعبہ بقیہ نمبر51 صفحہ3 پر

بی بی چاچڑ ہاؤس میں شہید نوابزادہ میر سراج خان رئیسانی کی دوسری برسی کے موقع پر فاتحہ خوانی کی جارہی ہے

میڈیا ریاست کا چوتھا ستون جبکہ صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان ہیں' محمد جاوید ڈومکی

ضلعی انتظامیہ چاغی مقامی صحافیوں سے مربوط روابط کے ذریعے عوام کو درپیش مسائل کا حل چاہتی ہے، اسسٹنٹ کمشنر دالبندین

دالبندین (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر دالبندین محمد جاوید ڈومکی کا کہنا ہے کہ میڈیا ریاست کا چوتھا ستون جبکہ صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ چاغی مقامی صحافیوں سے مربوط روابط کے ذریعے عوام کو درپیش مسائل کا حل چاہتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دالبندین پریس کلب کی دورے کے موقع پر کیا اس موقع پر دالبندین پریس کلب کے صدر علی رضا رند سمیت دیگر عہدیداروں و اراکین بشمول حاجی فاروق عادل سیاپاد، حیدر عاجز، آغا علی بقیہ نمبر57 صفحہ3 پر

شہید نوابزادہ سراج رئیسانی کی شہادت سے جو خلا پیدا ہوا ہے وہ صدیوں تک پر نہیں ہوگا' درجین مری

شہید نوابزادہ سراج رئیسانی کی محب الوطنی مخلصی اور خیر خواہی کو کبھی فراموش نہیں کیا جائیگا

اوتھل (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی کی مرکزی سینئر رہنما محترمہ درجین مری نے کہا کہ بی اے پی کے رہنما شہید نوابزادہ سراج رئیسانی کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائینگی بلکہ انکی قربانی پارٹی ورکرز کے لئے مشعل راہ ہیں جنہوں نے عوام کی ترقی اور فلاح و بہبود کیلئے جو جدوجہد کی تھی وہ رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ شہید نوابزادہ سراج رئیسانی کی محب الوطنی مخلصی اور بقیہ نمبر62 صفحہ3 پر

گندواہ میں پی ٹی سی ایل سسٹم کی ناقص کارکردگی صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے

گندواہ (نامہ نگار) گندواہ میں پی ٹی سی ایل سسٹم کی ناقص کارکردگی صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ تفصیلات کے مطابق: گندواہ میں پی ٹی سی ایل ڈی ایس ایل اور Evo سروس انتہائی سست روی کا شکار صارفین ہزاروں بقیہ نمبر52 صفحہ3 پر

سپریم کورٹ آف پاکستان ملک بھر کے ہسپتالوں میں بنداوپی ڈیز کا نوٹس لے

لورالائی (آن لائن) سپریم کورٹ آف پاکستان ملک بھر کے ہسپتالوں میں بنداوپی ڈیز کا نوٹس لے۔ ان خیالات کا اظہار سٹیزن ایکشن کمیٹی لورالائی کے چیئرمین محمد اخلاص حمزہ زئی ڈپٹی چیئرمین فقیر محمد جلالزئی، سینئر معاون بقیہ نمبر55 صفحہ3 پر

ڈسٹرکٹ لورالائی کے علاقوں کے زمیندار کافی عرصہ سے شدید مشکلات کا شکار ہیں' زمیندار ایسوسی ایشن

لورالائی (آن لائن) زمیندار ایسوسی ایشن کے صدر ملک عصمت اللہ کدیزئی، جنرل سیکرٹری صفدر مستر وال، مولوی عبدالرحیم اتمانخیل، حاجی عبدالخالق اتمانخیل، مولوی نور محمد زنخیل، ماشاءاللہ شیوزئی، زمان کدیزئی، محمد رفیق طلیزئی، ملا سطیل ملازئی، ملک عالم کدیزئی اور دیگر نے اپنے ایک بیان میں کہا ڈسٹرکٹ لورالائی کے علاقوں کے زمیندار کافی عرصہ سے شدید مشکلات کا شکار ہیں کئی سالوں سے قحط سالی اور کئی ماہ سے ٹڈی دل کے حملوں، ژالہ باری نے زمینداروں کی کھڑی فصلیں انار، گوبھی، بادام بقیہ نمبر63 صفحہ3 پر

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو پی ڈی ایم اے ویسٹ ہاؤس کا دورہ کر رہے ہیں

فوج اور مگرتو فورس نافذ کرنے والے اداروں کے جوانوں نے دہشتگردوں کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے، حمزہ خان ناصر

باقی بچے کھچے دہشت گردوں کو بھی جلد منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا' صوبائی رہنماء پی ٹی آئی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی رہنما حمزہ خان ناصر نے شمالی وزیرستان کے علاقے یوبا میں انٹیلی جنس آپریشن میں شہید ہونے والے پاک فوج کے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ اور ملک سے دہشتگردی کے خاتمے کیلئے جانوں کا نذرانہ دینے والے ہمارے قومی ہیروز ہیں جن کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا بقیہ نمبر43 صفحہ3 پر

ہسپتالوں سیکیورٹی کی ناقص صورتحال کا سامنا ہے' ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے ترجمان کے جاری کردہ ایک بیان کے مطابق صوبے کے سرکاری ہسپتالوں میں وی آئی پیز کی آمد و رفت پر سیکیورٹی پروٹوکول مریضوں کے علاج و معالجے میں خلل کا باعث بنتا جارہا ہے، ہسپتالوں کو جہاں ایک طرف بقیہ نمبر44 صفحہ3 پر

پاکستان متحدہ محاذ کے نام سے نئی جماعت کے قیام کا اعلان کردیا گیا

نوجوانوں کے دلوں میں وطن سے محبت اور جغرافیائی و نظریاتی سرحدوں کی حفاظت کا جذبہ پیدا کیا جائے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان متحدہ محاذ کے نام سے نئی جماعت کے قیام کا اعلان کردیا گیا۔ یہ اعلان پاکستان متحدہ محاذ کے چیئرمین انجینئر محمد شاہ جہان نے کوئٹہ پریس کلب میں آغا اکبر شاہ، اویس یار خان، کمانڈر ناصر بزنجو، عرفان رئیسانی اور مگر کیہرہ ہیرو کو پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پاکستان متحدہ محاذ کے قیام کا مقصد ہر پاکستانی شہری کو ملک میں پاکستان کی اہمیت سے آگاہ کرنا اور لوگوں کے دلوں میں پاکستان کی محبت کو اجاگر کرنا ہے ہم چاہتے ہیں کہ نوجوانوں کے دلوں میں وطن سے محبت اور جغرافیائی و نظریاتی سرحدوں کی حفاظت کا جذبہ پیدا کیا جائے ملک میں پاکستانیت کو فروغ چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عام حالات اور ایمرجنسی میں ملک کی سلامتی کے اداروں کے ساتھ ملکر کام کرنا، پاکستانی بقیہ نمبر45 صفحہ3 پر

رئیسانی محلہ میں بجلی کا تار لگاتے ہوئے کرنٹ لگنے سے ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (آن لائن) رئیسانی محلہ میں بجلی کا تار لگاتے ہوئے کرنٹ لگنے سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق جاں بحق شخص کی شناخت حسن خان ولد حاجی موسیٰ خان سکنہ حبیب قلعہ سے ہوئی ہے۔ لاش کو سول ہسپتال منتقل کردیا گیا جہاں پر ضروری کارروائی کے بعد ورثہ کے حوالے کردیا گیا۔

عوام کے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جارہے ہیں' نور محمد دمڑ

حلقے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کو معیاری تعمیر کرنے اور وقت مقررہ پر مکمل کرنے کیلئے متعلقہ محکمے ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کرے

اب عوام باشعور ہوچکے ہے وکسی کے جھوٹے نعروں میں نہیں آنے والے عوام کی نظریں بی اے پی پر مرکوز ہے، اجتماع سے خطاب

ایس پی سریاب ہزار گنجی سرکل ضیاء مندوخیل کو مرکزی انجمن تاجران ہزار گنجی زون کے صدر سید عبدالخالق آغا سونیکر دے رہے ہیں

برہانی (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ حلقہ انتخاب کے عوام کے اجتماعی مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں حلقے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کو معیاری تعمیر کرنے اور وقت مقررہ پر مکمل کرنے کیلئے متعلقہ محکمے ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کرے ترقیاتی منصوبوں کی معیار پر قسم کا سمجھوتہ نہیں کریگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ انتخاب کا تین روزہ دورہ کرنے کے دوران سنجاوی بازار واٹر سپلائی، منہ زیارت زیر تعمیر روڈ کا معائنہ کیا، بچی و خوشکی میں شمولیتی اجتماع کیا، درگ میں پارٹی کارکنوں کے جانب سے دئے گئے استقبالیہ تقریب اور زیارت بقیہ نمبر37 صفحہ3 پر

جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق نے ضلعی مجلس عاملہ کا اجلاس 17 جولائی بروز جمعہ کو طلب کرلیا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری اطلاعات عبدالحق شہزاد کے مطابق جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق نے ضلعی مجلس عاملہ کا اجلاس 17 جولائی بروز جمعہ بوقت ساڑھے تین بجے بمقام جامع مسجد محمدی سیٹلائٹ ٹاؤن طلب کیا ہے تمام بقیہ نمبر54 صفحہ3 پر

حاجی زاہد طولان کے بھائی کے انتقال پر اظہار تعزیت

سبی (نامہ نگار) حاجی زاہد طولان سے اظہار تعزیت سبی ویلفیئر سوسائٹی کے چیئرمین شبیر احمد صدیقی سرپرست اعلیٰ چوہدری انوار الحق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان محمد وقاص رنجوت زبیر عباسی شبیر احمد صدیقی نے اپنے بقیہ نمبر59 صفحہ3 پر

ڈیرہ اللہ یار میں کاشتکاروں کو حقوق مانگنا مہنگا پڑ گیا

انتظامیہ نے روڈ بند کرنے کی پاداش میں مقدمہ درج کردیا

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار میں کاشتکاروں کو حقوق مانگنا مہنگا پڑ گیا انتظامیہ نے روڈ بند کرنے کی پاداش میں مقدمہ درج کردیا گزشتہ روز تحصیل شاخ کے کاشتکاروں نے نہری پانی کی عدم فراہمی کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے بیک وقت قومی شاہراہ اور ریلوے ٹریک پر دھرنا دیکر ٹائر نذر آتش کیے اور ایکسین ایریگیشن کی علامتی جنازہ نماز ادا کی جس کے خلاف انتظامیہ نے کاشتکاروں کو نہری پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے بدلے کاشتکار رہنماؤں میر غلام رسول لہڑی، عامر علی کھوسہ، دوست بقیہ نمبر53 صفحہ3 پر

شہید وطن نوابزادہ میر سراج خان رئیسانی کی قربانیوں کو فراموش نہیں کرسکتے' شبیر احمد صدیقی

شہید وطن نوابزادہ میر سراج خان رئیسانی کی دوسری برسی چاچڑ ہاؤس میں نہایت سادگی کے ساتھ منائی گئی

سبی (نامہ نگار) شہید وطن نوابزادہ میر سراج خان رئیسانی کی قربانیوں کو فراموش نہیں کرسکتے۔ تفصیلات کے مطابق آج 13 جولائی بروز پیر چاچڑ ہاؤس میں شہید وطن نوابزادہ میر سراج خان رئیسانی کی دوسری برسی نہایت سادگی کے ساتھ منائی گئی اس موقع پر بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما ارباب عبدالغفور چاچڑ ملک شکر خان مرغزانی قبائلی رہنما ملک بلوچ خان انگڑی میر بقیہ نمبر58 صفحہ3 پر

ایس ایچ او گندواہ وسنی علی محمد گبلی صاحب کی کارکردگی قابل ستائش ہے' عوامی حلقے

گندواہ (نامہ نگار) ایس ایچ او گندواہ وسنی علی محمد گبلی صاحب کی کارکردگی قابل ستائش ہے' عوامی حلقے موصوف گزشتہ ایک سال سے سنی میں اپنے فرائض منصبی احسن طور پر ادا کررہے ہیں۔ اور اس قلیل مدت میں انھوں شرپسند عناصر بقیہ نمبر60 صفحہ3 پر

گندواہ کے علاقے کوڑہ میں گزشتہ رات ہونے والے طوفانی بارش نے تباہی مچادی

شہر کے بیشتر مکان گر بھی گر گئے جبکہ دوسری جانب شہر کے بیشتر شمسی ٹیوب ویلز بھی گر کر تباہ ہوگئے

تھل لکھی (نمائندہ خصوصی) گندواہ کے علاقے کوڑہ میں گزشتہ رات ہونے والے طوفانی بارش نے تباہی مچادی شہر کے بیشتر مکان گر بھی گر گئے جبکہ دوسری جانب شہر کے بیشتر شمسی ٹیوب ویلز بھی گر کر تباہ ہو گئے جس کے باعث ٹیوب ویلز کے شمسی پلیٹس مکمل طور پر تباہ ہوگئیں جس کے باعث ٹیوب ویلز مالکان کو لاکھوں روپے کا نقصان ہوگیا ہے تفصیلات کے مطابق تھل لکھی گندواہ کے علاقے کوڑہ میں گزشتہ رات ہونے والے طوفانی بارش نے تباہی مچادی شہر کے بیشتر مکان گر بھی گر گئے جبکہ دوسری جانب بقیہ نمبر61 صفحہ3 پر

ملک میں طبقاتی نظام تعلیم کی وجہ سے پسماندہ علاقوں کے طلبا تعلیم سے محروم ہیں' پی ایس ایف

کوئٹہ (آن لائن) پی ایس ایف کے زیر اہتمام بلوچستان مرکز سے سکول اور نیٹ کے نہ ہونے اور آن لائن کلاسز اور طبقاتی نظام تعلیم کے خلاف ریلی نکالی گئی ریلی کے شرکا نے شہر کے مختلف روڈوں کا چکر لگایا اور نعرے بازی کی۔ بعد میں ریلی کے شرکا نے میونسپل کمیٹی کے سبزہ زار پر مظاہرہ کیا۔ مظاہرے سے سرور جان ناصر نصیر شاہ گل فراق وقاص محمد خروٹی، عبدالحمید ناصر، پی ایس ایف کے جمور خان ناصر، صابر خان ناصر اور دیگر مقررین بقیہ نمبر66 صفحہ3 پر

میڈیا صحافت کا آئینہ توڑ کر حکومت اپنا بدنما چہرہ چھپانا چاہتی ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

میڈیا کا گلا گھونٹ کر عمران خان نیازی کی حکومت نے تمام ادارے تباہ کرکے ملک میں انتشار پیدا کرکے قوم کی توجہ ہٹانا چاہتی ہے

میر خلیل الرحمن کے خلاف انتقامی کارروائی بدنیتی پر مبنی ہے، امیر جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا نور شہید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ حافظ عبدالحق خلیفی ملفق عبداللہ رئیسانی حافظ مسعود احمد ملفق عبدالغفور مدنی میر سرفراز شاہوانی ملفق رحمت اللہ حاجی ولی محمد بزنجو ظفر اللہ کاکڑ میر فاروق الانجو چوہدری محمد عاطف حافظ خلیل احمد سارنگزئی ملفق نیک محمد فاروقی حاجی قاسم خان خلجی مولانا محمد عارف شمشیر مولانا ملفق ابوبکر نے کہا ہے کہ میڈیا صحافت کا آئینہ توڑ کر حکومت اپنا بدنما چہرہ چھپانا چاہتی بقیہ نمبر65 صفحہ3 پر

حکومت مکمل طور پر نام کا اور عوامی اعتماد کھو چکی ہے' جمیل شاہ کاکڑ

کشمیری نوجوان گزشتہ 70 سالوں سے اپنی جانیں قربان کررہے ہیں لیکن اپنی آزادی کی جدوجہد سے ایک قدم بھی پیچھے نہیں ہٹے

موجودہ حکومت نے کشمیر کاز کو شدید نقصان پہنچایا ہے، نااہل حکمرانوں نے ملک کو بحران در بحران کا شکار کردیا ہے' صوبائی جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ (ن)

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری نے آزادی جدوجہد میں اپنی جان قربان کرنے والے کشمیری شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کشمیری نوجوان گزشتہ 70 سالوں سے اپنی جانیں قربان کررہے ہیں لیکن اپنی آزادی کی جدوجہد سے ایک قدم بھی پیچھے نہیں ہٹے موجودہ حکومت نے کشمیر کاز کو شدید نقصان پہنچایا ہے، نااہل حکمرانوں نے بقیہ نمبر39 صفحہ3 پر

چمن' پاک افغان بارڈر باب دوستی گیٹ کی بندش کیخلاف دھرنا مظاہرین ہاتھ کھڑے کرکے احتجاج کررہے ہیں

دنیا بھر میں اسلحے کے کارخانوں کو بند کردینا چاہیے، احمدی نژاد

تہران (این این آئی) ایران کے سابق صدر محمود احمدی نژاد نے کہا ہے کہ میں سمجھتا ہوں کہ دنیا میں اسلحے کی تمام فیکٹریوں کو بند کردینا چاہیے، اسلحے اور ہتھیاروں کا کاروبار کیا ہے؟ یہ محض انسانوں کے قتل اور ان کی گرفت کے لیے استعمال ہوتا ہے، ہتھیاروں کا مطلب کیا ہے؟

حاجی وزیر محمد گجر مختصر علالت کے بعد انتقال کرگئے

کوئٹہ (این این آئی) حاجی وزیر محمد گجر مختصر علالت کے بعد انتقال کرگئے مرحوم کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا وہ محمد اشفاق گجر، محمد داؤد گجر، محمد ودود گجر محمد شفیق گجر بقیہ نمبر71 صفحہ3 پر

وفاقی حکومت کو 18ویں آئینی ترمیم سے کیا تکلیف ہے' مولانا عبدالغفور حیدری

حکومت نے پچاس لاکھ گھر بنانے کا وعدہ کیا تھا مگر ابھی تک تو لوگ بے روزگار اور بے گھر ہو رہے ہیں

اٹھارویں ترمیم میں تبدیلی کرنا تو پھر ہمارے ساتھ بیٹھے ہمیں بھی وہ مجبوری بتائیں' مرکزی سیکرٹری جمعیت علما اسلام

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل و سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ سمجھ نہیں آرہا کہ وفاقی حکومت کو 18ویں آئینی ترمیم سے کیا تکلیف ہے، حکومت نے پچاس لاکھ گھر بنانے کا وعدہ کیا تھا مگر ابھی تک تو لوگ بے روزگار اور بے گھر ہو رہے ہیں عوام کے مسائل حل کرنے کے بجائے آپ آئین میں ترمیم کرنے پر اترے ہوئے ہیں، اگر کوئی مجبوری ہے اٹھارویں ترمیم میں تبدیلی کرنا تو پھر ہمارے ساتھ بیٹھیے بقیہ نمبر38 صفحہ3 پر

کوئٹہ' جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالحق ہاشمی سے نکر سوسائٹی بلوچستان کے چیف ایگزیکٹو فیض اللہ کاکڑ ملاقات کررہے ہیں

ایک منظم سازش کے تحت شہریوں کو اذیت دی جارہی، عبدالمجید بادینی

ایکسین پی ایچ ای اور ایس ڈی او کوئٹہ میں بیٹھے خوشگوار موسم سے لطف اندوز ہو رہے ہیں

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار میں پانی اور نکلی کی عدم فراہمی کے خلاف جماعت اسلامی کے زیر اہتمام احتجاجی ریلی نکال کر پی ایچ ای دفتر کے سامنے دھرنا دیا گیا جماعت اسلامی کے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری عبدالمجید بادینی کی قیادت میں نکالی گئی احتجاجی ریلی میں بلوچستان نیشنل پارٹی مینگل کے کارکنان سمیت شہریوں اور سول سوسائٹی نے بڑی تعداد میں شرکت کی ریلی قومی شاہراہ سے ہوتی ہوئی پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے دفتر پہنچی جہاں پر مظاہرین نے نیٹ لگا کر دھرنا دیا اور پانی دو پانی دو کے فلک شگاف نعرے لگائے احتجاجی دھرنے کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے عبدالمجید بادینی بقیہ نمبر56 صفحہ3 پر

مرکزی قیادت کی ہدایات پر پارٹی کو گراس روٹ لیول تک فعال کریں گے' سید عبدالحق شاہ حسینی

عید کے بعد ممبر سازی و یونٹ سازی کا عمل شروع کیا جائے گا' بی اے پی تھل لکھی

گندواہ (نامہ نگار) مرکزی قیادت کی ہدایات پر پارٹی کو گراس روٹ لیول تک فعال کریں گے۔ عید کے بعد ممبر سازی و یونٹ سازی کا عمل شروع کیا جائے گا۔ بی اے پی سے وابستہ نوجوان کارکن بھرپور تیاری کریں۔ تحصیل صدر بی اے پی سید عبدالحق شاہ حسینی گندواہ تحصیل صدر بلوچستان عوامی پارٹی تھل لکھی سید عبدالحق شاہ حسینی نے نوجوان پارٹی کارکنوں کو اپنے پیغام میں کہا کہ مرکزی قیادت کی ہدایات پر پارٹی کو گراس روٹ لیول تک فعال کریں گے اور عید کے بعد ممبر سازی و یونٹ سازی کا عمل شروع کیا جائے گا۔ اور مختلف محلوں میں بلوچستان عوامی پارٹی کے یونٹ کھولے جائینگے۔ اس بقیہ نمبر64 صفحہ3 پر

حب' سیکرٹری ہیلتھ دوستین جمالدینی جام غلام قادر ہسپتال کے آپریشن تھیٹر فارمیسی کا معائنہ اور او پی ڈی رجسٹر چیک کررہے ہیں

تاجر تنظیموں کو مزید بھی اتحاد و اتفاق کی ضرورت ہے' حاجی یعقوب شاہ کاکڑ

لورالائی (آن لائن) انجمن تاجران بلوچستان لورالائی کے ضلعی صدر حاجی یعقوب شاہ کاکڑ نے اپنے ایک بیان میں انجمن تاجران بلوچستان کی جانب سے کورونا وائرس کی مد میں بقیہ نمبر68 صفحہ3 پر

باب دوستی بندش کیخلاف ہر فورم پر آواز اٹھایا ہے' مولانا صلاح الدین ایوبی

عوامی حقوق پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کریں گے' عوام کے حقوق کے حصول کے لئے ہر فورم پر آواز بلند کریں گے

چمن (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی معاون برائے ناظم مالیات رکن قومی اسمبلی چیئرمین انٹی ہارکوٹکس کمیٹی مولانا صلاح الدین ایوبی نے اپنے رہائشگاہ پر جمعیت علماء اسلام کے رہنما مولانا مفتی محمد قاسم حقانی عبدالکریم عرف مولانا کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو کرتے بقیہ نمبر69 صفحہ3 پر